http://www
لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہر نامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار "شہر نامہ"
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ
شہر نامہ
اسلام آباد

ایڈیٹر انچیف
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07 | جمعۃ المبارک 20 نومبر 2026ء 9 جمادی الثانی 1448ھ | صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 72

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

آن لائن جوا نیٹ ورک 240 ارب کی ٹرانزیکشن 5 گرفتار

ایکس 777، میل بیٹ اور ون ایکس بیٹ سمیت متعدد بیٹنگ ایپس کے ذریعے بڑے پیمانے پر مالیاتی لین دین کا انکشاف، 38 کمپنیوں کے کردار کے متعلق بھی تحقیقات جاری

ٹیٹو ہیکر بھی گرفتار، ملزم ڈارک ویب کے ذریعے دنیا بھر کی انٹیلی جنس ایجنسیوں کے اہلکاروں کا خفیہ ڈیٹا چوری کر کے فروخت کرنے میں ملوث تھا، ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے شہزاد اکبر

کراچی (شہر نامہ رپورٹ) این سی سی آئی اے نے پے در پے کارروائیوں کے ذریعے آن لائن جوئے اور بیٹنگ ایپس کا بڑا گٹھ جوڑ بے نقاب کر دیا، آن لائن جوئے اور سٹے کے ذریعے 240 ارب روپے کی ٹرانزیکشنز سامنے آئیں، 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا، ایک اور کارروائی میں ٹیٹو ہیکر کو گرفتار کیا گیا، ملزم ڈارک ویب کے ذریعے دنیا بھر کی انٹیلی جنس ایجنسیوں کے اہلکاروں کا خفیہ ڈیٹا چوری کر کے فروخت کرنے میں ملوث تھا۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے شہزاد اکبر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ آن لائن جوئے اور بیٹنگ ایپس کے خلاف تین ماہ تک تحقیقات کی گئیں۔ تحقیقات میں ایکس 777، میل بیٹ اور ون ایکس بیٹ سمیت متعدد بیٹنگ ایپس کے ذریعے بڑے پیمانے پر مالیاتی لین دین کا انکشاف ہوا، آن لائن جوئے میں ملوث 38 بینک اکاؤنٹس کی نشاندہی کی گئی ہے جبکہ 38 کمپنیوں کے کردار کے متعلق بھی تحقیقات جاری ہیں، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)


اسلام آباد، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار سے ASEAN کے سیکرٹری جنرل مصافحہ کر رہے ہیں

NCCIA اور قطر کی سائبر سیکیورٹی ایجنسی کا تعاون بڑھانے پر اتفاق

پاکستان اور قطر کی متعلقہ ایجنسیوں کے درمیان مشترکہ آپریشنز اور معلومات کا تبادلہ جاری ہے، وزیر داخلہ محسن نقوی

پاک۔قطر وزارت داخلہ کے درمیان باہمی تعاون مثالی ہے، اسے مزید مضبوط بنائیں گے اور وسعت دینگے، شیخ خلیفہ بن حمد

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) نیشنل کرائم کنٹرول اتھارٹی (این سی سی آئی اے) اور قطر کی سائبر سیکیورٹی ایجنسی کے درمیان تعاون بڑھانے اور پولیس افسران کا ایکسچینج پروگرام کا دائرہ کار بڑھانے پر اتفاق ہوا ہے۔ اسلام آباد میں قطر کے وزیر داخلہ اور داخلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)


اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف کی موجودگی میں پاکستان اور قطر کے مابین سیکورٹی بارے معاہدہ پر دستخط کیے جا رہے ہیں

صدر زرداری وزیر اعظم سے شہباز شریف کی ملاقات
سیاسی محاذ پر نئی صف بندی
تمام معاملات مشاورت سے حل کرنے پر اتفاق

ملاقات کے دوران مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر بھی بات چیت، موجودہ سیاسی حالات کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا، معاملات کا حل باہمی مشاورت سے نکالنے پر اتفاق

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے ملک کے سیاسی حالات پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے تمام معاملات کا حل باہمی مشاورت سے نکالنے پر اتفاق کیا۔ ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق بیان کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف اور صدر مملکت آصف علی زرداری کی ملاقات ہوئی، جس میں موجودہ حالات پر گفتگو ہوئی۔ بیان میں کہا گیا کہ ملاقات کے دوران مشرق وسطیٰ کی صورت حال پر بھی بات چیت ہوئی اور ملاقات کے موجودہ سیاسی حالات کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف اور صدر مملکت آصف زرداری کے درمیان ملاقات کے دوران گفتگو میں کہا گیا کہ تمام معاملات کا حل بات چیت کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)


اسلام آباد، صدر مملکت آصف زرداری سے وزیر اعظم شہباز شریف ملاقات کر رہے ہیں

حکومت جمعیت اسلامی مذاکرات مکمل
24 یا 25 نومبر کو ریلیف پیکیج کا اعلان ہو گا، لیاقت بلوچ

اعلان وزیر اعظم، حافظ نعیم الرحمٰن کی ملاقات میں کیا جائیگا، جماعت اسلامی کی مسلسل جدوجہد رنگ لا رہی ہے،

عوام کو ریلیف مل رہا ہے، جماعت اسلامی عوامی مسائل کے حل کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی، پریس کانفرنس



اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی اور حکومت کے تکنیکی کمیٹیوں کی سطح کے مذاکرات مکمل ہو گئے ہیں، حتمی ریلیف پیکیج کا اعلان 24 یا 25 نومبر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

خیبر پختونخوا سیکیورٹی فورسز کی متعدد کارروائیوں میں 22 خوارج ہلاک

بنوں میں بھی سیکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان 2 الگ الگ جھڑپیں، خوارج کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا

دہشت گرد متعدد کارروائیوں میں سرگرم رہے تھے، صدر مملکت، وزیر اعظم اور وزیر داخلہ کا فورسز کو خراج تحسین

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں کارروائیاں کرتے ہوئے بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنۃ الخوارج سے تعلق رکھنے والے 22 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق یہ کارروائیاں 16 اور 17 نومبر کو مختلف آپریشنز کے دوران کی گئیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق جنوبی وزیرستان میں خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

ایف بی آر: فیس لیس نظام کے تحت اپیلوں کا نیا طریقہ کار وضع

تمام اپیلیں مخصوص سینٹر کے ذریعے مکمل طور پر الیکٹرانک طریقے سے سنی جائیں گی

اسلام آباد (آئی این پی) ایف بی آر نے "فیس لیس نظام کے تحت اپیلوں کا نیا طریقہ کار وضع کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ٹیکس نظام میں شفافیت لانے کے لیے "فیس لیس نظام تحت اپیلوں کی سماعت اور فیصلوں کا نیا طریقہ کار وضع کرتے ہوئے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ نئے نظام کے تحت اب تمام اپیلیں ایک مخصوص سینٹر کے ذریعے مکمل طور پر الیکٹرانک طریقے سے سنی جائیں گی۔ ایف بی آر کی جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

فیض احمد فیض کی 42 ویں برسی آج منائی جائیگی

لاہور، احمد یار (صباح نیوز) انقلابی شاعر وصحافی فیض احمد فیض کی 42 ویں برسی آج 20 نومبر بروز جمع* المبارک منائی جائیگی۔ فیض احمد فیض براعظم ایشیاء کے وہ واحد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

ایم کیو ایم نے مہاجر صوبے کا مطالبہ نہیں کیا، خالد صدیقی

پنجاب میں صوبے بن سکتے ہیں تو سندھ میں کیوں نہیں؟، پریس کانفرنس

کراچی (صباح نیوز) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے کنوینر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ جہاں ضرورت ہو وہاں نئے صوبے بنائے جائیں،، پنجاب میں صوبے بن سکتے ہیں تو سندھ میں کیوں نہیں؟ کیا سندھ مقدس گائے ہے؟۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ ایم کیو ایم نے کبھی صرف سندھ، کراچی یا مہاجر صوبے کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)


اسلام آباد، وفاقی وزیر جام کمال اور مشیر وزیر اعظم ہارون اختر ورچوئل میٹنگ میں شریک ہیں

چیف جسٹس نے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس طلب کر لیا

ہائیکورٹس ججز کی سالانہ کارکردگی جانچنے کے طریقہ کار کے لیے قواعد مرتب کرنے پر غور ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے اگلے ہفتے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس طلب کر لیا۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت جوڈیشل کمیشن اجلاس 23 نومبر کو ہوگا، اجلاس سپریم کورٹ اسلام آباد میں دوپہر ڈھائی بجے منعقد ہوگا۔ اجلاس میں ہائیکورٹس ججز کی سالانہ کارکردگی جانچنے کے طریقہ کار کے لیے قواعد مرتب کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

جوہری جنگ جیتی نہیں جا سکتی، اسے کبھی لڑا نہیں جانا چاہیے
ٹرمپ شی جن پنگ پوتن کا اتفاق

جوہری ہتھیار لٹکتی تلوار ہیں: شی جن پنگ، ٹرمپ، کسی نے توقع نہیں کی تھی کہ سب کچھ اتنا اچھا ہوگا: پوتن

ریفائن شدہ پیٹرولیم مصنوعات کی پیداوار اور فراہمی بڑھانے پر اتفاق، سٹریٹیجک استحکام کے عزم کا اعادہ، اعلامیہ جاری

شینزن (نیوز ایجنسیاں) چین، روس اور امریکہ کے سربراہان کے درمیان چین کے شہر شینزن میں ہونے والا تاریخ کا پہلا سہ فریقی اجلاس تقریباً ڈیڑھ گھنٹے بعد ختم ہو گیا ہے۔ اجلاس کے بعد تینوں ممالک نے ایک مشترکہ اعلامیہ جاری کیا ہے۔ یہ ملاقات ایشیا پیسیفک اکنامک کوآپریشن (اپیک) اجلاس کے موقع پر منعقد ہوئی۔ مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ چینی صدر شی جن پنگ، روسی صدر ولادیمیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)


اسلام آباد، وزیر مملکت فہد ہارون سے ترکیہ کا اعلیٰ سطحی وفد میٹنگ کر رہا ہے

مولانا کے گھر کی ناکہ بندی شروع کر دی گئی ہے، کامران مرتضیٰ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن اور ان کے صاحبزادے مولانا اسعد محمود سے حکومت کی جانب سے فراہم کردہ سیکیورٹی واپس لے لی گئی۔ ذرائع کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

فضل الرحمٰن اور اسعد محمود سے سیکیورٹی واپس لے لی گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن اور ان کے صاحبزادے مولانا اسعد محمود سے حکومت کی جانب سے فراہم کردہ سیکیورٹی واپس لے لی گئی۔ ذرائع کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

مکران میں ٹریفک حادثہ، خاتون سمیت 5 افراد جاں بحق

ریسکیو ٹیمیں جائے وقوعہ پر موجود ہیں، مسافر بس تربت سے کراچی جا رہی تھی

کوئٹہ (صباح نیوز) مکران کوسٹل ہائی وے پر ٹریفک کا خوفناک حادثہ پیش آیا ہے جہاں ایک مسافر بس گیس باؤزر سے ٹکرا گئی۔ تصادم کے بعد دونوں گاڑیوں میں آگ بھڑک اٹھی جس کے نتیجے میں خاتون اور بچے سمیت 5 افراد جاں بحق ہو گئے جبکہ مزید ہلاکتوں کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مکران کوسٹل ہائی پر تربت سے کراچی جانے والی مسافر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

جنگی طریقے تبدیل، مسلح افواج جدید تقاضوں کے مطابق تیار ہیں، چیف نیول

پاک فضائیہ نے بے شمار مواقع پر کامیابیوں سے تاریخ رقم کی، فضائیہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مہارتوں کی دنیا معترف ہے

مسلح افواج نئے تقاضوں سے بخوبی آگاہ اور نمٹنے کیلئے تیار ہیں، رسالپور میں گریجویشن پریڈ کی پروقار تقریب سے خطاب



اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ) پی اے ایف اکیڈمی اصغر خان، رسالپور میں 153 ویں جی ڈی (پی)، 99 ویں انجینئرنگ، 109 ویں ایئر ڈیفنس (چارلی و ڈیلٹا) اور 136 ویں کامبیٹ سپورٹ کورسز کی گریجویشن تقریب نہایت پروقار انداز میں منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی سربراہ پاک بحریہ، ایڈمرل نوید اشرف تھے، جبکہ ترک فضائیہ کے کمانڈر، جنرل رفعت دالکران نے بھی خصوصی شرکت کی۔ سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

اسلام آباد، ایئر چیف مارشل ظہیر بابر سدھو، امیر البحر نوید اشرف و دیگر ائیر شو کا جائزہ لے رہے

پاکستان کا وفد ایس سی او مکالمہ فورم نئی دلی میں شرکت کرے گا

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان کا وفد ایس سی او (SCO) 'تہذیبوں کے مابین مکالمہ فورم' نئی دلی (20 تا 22 نومبر 2026) میں شرکت کرے گا ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق بھارت کے وزیر برائے ثقافت و سیاحت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

سپریم کورٹ کا وکلاء کے لیے پورٹل متعارف

اسلام آباد (صباح نیوز) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کا دورہ کیا اور بار کے اراکین کو سپریم کورٹ کے نئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

اینکر ربیعہ احسن کی موت حادثہ، اہلخانہ کا معافی نامہ، ملزم کی ضمانت

عدالت احسن طاہر کو ضمانت پر رہا کرے تو ہمیں اعتراض نہیں، بیان حلفی کا متن



راولپنڈی (آئی این پی) نجی ٹی وی چینل کی اینکر ربیعہ احسن کی حادثاتی موت کے معاملے پر ایف آئی آر میں نامزد احسن طاہر خان کی ضمانت منظور کر لی گئی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج خرم سلیم نے دو لاکھ روپے کے مچلکے پر ضمانت منظور کر لی۔ مدعی مقدمہ کی جانب سے ملک محسن محمود کلیامی اور ایڈیشنل سیکرٹری جنرل ہائی کورٹ بار صبا فراز راجا پیش ہوئے۔ مقتولہ ربیعہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

29 نومبر کو کسی جماعت کو ریلی کی اجازت نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے، شرجیل میمن

سندھ سیف سٹی منصوبے کیلئے 5 ارب 76 کروڑ روپے جاری کرنے کی منظوری دی گئی

کراچی (آئی این پی) سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ کابینہ نے کراچی کے لیے مزید 500 بسوں کی خریداری کی منظوری دے دی، سندھ حکومت نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)


سنگاپور، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے پاکستانی بزنس کمیونٹی کے افراد ملاقات کر رہے ہیں

غیر قانونی گولڈ مائننگ میں سہیل آفریدی کا بھائی ملوث، ثمر بلور

پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت اور ٹی ٹی پی آپس میں ملے ہوئے تھے، صوبائی مشیر

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا ثمر بلور نے کہا ہے کہ غیر قانونی گولڈ مائننگ میں سہیل آفریدی کا بھائی ملوث تھا جبکہ 80 فیصد پیسہ دہشتگردی میں استعمال ہو رہا تھا۔ چارسدہ پریس کلب میں میڈیا بریفنگ میں انہوں نے بتایا کہ پی ٹی آئی حکومت نے امن وامان پر کوئی توجہ

صوبائی جاری اسلحہ لائسنس وفاقی وزارت داخلہ میں جمع کرانے کی ہدایت

اسلام آباد (آئی این پی) صوبوں کے جاری کردہ تمام "آل پاکستان اسلحہ لائسنس وفاقی وزارت داخلہ میں جمع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

موٹروے ایم 4 کو تاحد نگاہ بہتر ہونے پر کھول دیا گیا، ترجمان

لاہور (صباح نیوز) موٹروے ایم 4 کو فیصل آباد سے پنڈی بھٹیاں اور عبدالحکیم سے پنڈی بھٹیاں تک حد نگاہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

آئین میں صوبوں کیلئے ریفرنڈم کی گنجائش نہیں، سابق اٹارنی جنرل

اسلام آباد (آئی این پی) سابق اٹارنی جنرل آف پاکستان اشتر اوصاف کا کہنا ہے کہ آئین میں صوبوں کی تشکیل کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

بینکاک، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کا سوئیٹزر وصولی کے بعد گروپ فوٹو

شمالی وزیرستان میں سرچ آپریشن، بارودی مواد کا بڑا ٹھکانہ تباہ

دہشت گردوں نے رہائشی مکانات میں دھماکا خیز مواد کی لیب بنا رکھی تھی

شمالی وزیرستان (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع شمالی وزیرستان میں سیکورٹی فورسز کا سرچ اینڈ کلیئرنس آپریشن کامیابی سے جاری ہے، بارودی مواد کا بڑا ٹھکانہ تباہ کر دیا گیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق میر علی میں کارروائی کے دوران سیکورٹی فورسز نے فتنۃ الخوارج کا بارودی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

الیکشن کمیشن کا 13 یونیورسٹیز کیساتھ کنسورشیم کا باضابطہ آغاز

مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط، ادارہ جاتی تعاون کو فروغ دینے کی جانب اہم پیشرفت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے 13 یونیورسٹیوں کے ساتھ مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کر کے کنسورشیم کا باضابطہ آغاز کر دیا۔ الیکشن کمیشن اور پاکستان کے تعلیمی و تحقیقی اداروں کا یہ اقدام کے ادارہ جاتی تعاون کو فروغ دینے کی جانب ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)


اسلام آباد، گندھارا سٹریٹجک ڈائیلاگ میں بدھ مذہب کے علماء شریک ہیں

دینی و دنیاوی تعلیم کی تقسیم سے معاشرہ تقسیم ہو رہا ہے، حافظ نعیم الرحمٰن

پاکستان میں دینی مدارس کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جا سکتا، امیر جماعت اسلامی

علما کو بھی ایک قوم کی سوچ اپنانا ہوگی، جمعیت طلبہ عربیہ کے سیمینار سے خطاب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ دینی و دنیاوی تعلیم کی تقسیم سے معاشرہ تقسیم ہو رہا ہے، پاکستان میں دینی مدارس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)


اسلام آباد، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

بھارتی پروازوں کیلئے پاکستانی فضائی حدود کی بندش میں توسیع

فضائی حدود کے استعمال کی پابندی مقررہ تاریخ اور وقت تک نافذ رہے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی پروازوں کے لیے پاکستانی فضائی حدود کی بندش میں توسیع کر دی گئی۔ بھارت کے لیے پاکستانی فضائی حدود کی بندش میں مزید توسیع کے حوالے سے پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی (پی اے اے) نے نیا نوٹم جاری کر دیا ہے۔ ترجمان پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی کے مطابق نئے نوٹم کے تحت بھارتی پروازوں کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

جعلی انسپکٹر بن کر 20 لاکھ روپے بٹورنے والا ملزم گرفتار

ملزمان نے خود کو سرکاری انسپکٹر ظاہر کر کے شہری کو دھمکیاں بھی دیں تھیں

لاہور (کرائم رپورٹر): نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) لاہور زون نے خود کو سرکاری انسپکٹر ظاہر کر کے شہری سے 20 لاکھ روپے بٹورنے والے مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا جبکہ فراڈ کے ذریعے وصول کی گئی مکمل رقم بھی برآمد کر لی۔ ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق ایڈیشنل ڈائریکٹر لاہور زون عاطف امیر کی ہدایت پر خصوصی ٹیم نے ساہیوال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

امریکی فوج نے بین البراعظمی بیلسٹک میزائل کا تجربہ کر لیا

تجربے کا عالمی حالات سے کوئی تعلق نہیں، امریکی ایئر فورس گلوبل اسٹرائیک کمانڈ

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی فوج نے بین البراعظمی بیلسٹک میزائل کا تجربہ کر لیا۔ امریکی ایئر فورس کے مطابق یہ معمول کا تجربہ برسوں پہلے سے طے شدہ تھا، تجربے کا موجودہ عالمی حالات سے کوئی تعلق نہیں۔ امریکی فوج کا بین البراعظمی بیلسٹک میزائل کا یہ تجربہ ایسے وقت میں عمل میں آیا ہے جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ چین کے دورے پر ہیں۔ امریکی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

ہتک آمیز بیانات، مرکزی مسلم لیگ کا عظمیٰ بخاری کو ہرجانے کا نوٹس

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

KE
بولیاں درکار ہیں

کے۔الیکٹرک لمیٹڈ نیچے دی گئی تفصیلات کے مطابق "جہاں ہے جیسے ہے" کی بنیاد پر سامان کی فروخت کے لیے ARIBA ای-بولی (مہر بند بولی) کے ایونٹ میں شمولیت کے لیے مدعو کر رہا ہے۔

Document No.	Description	Online Bid Submission Date & Time
KEDISP/R-RC003/26-27	Disposal of Scrap Copper and Scrap Aluminum Items on Rate Running Contract (RRC) basis for a Period of One Year (1 Year) from Baldia Scrap Yard (Index-Based Pricing)	17th November 2026 (Tuesday) from 03:00 PM PST till 19th November 2026 (Thursday) by 06:00 PM PST on SAP ARIBA

دلچسپی رکھنے والی پارٹیز 16.11.2026 سے 19.11.2026 تک مقررہ مقامات (جو آفر ڈاکیومنٹ میں درج ہیں) کا دورہ کر سکتے ہیں۔ سامان کی تفصیلی وضاحت، شرائط وضوابط آفر ڈاکیومنٹ میں درج ہیں، جو درج ذیل پتے سے ڈسپوزل ڈپارٹمنٹ سے حاصل کی جا سکتی ہے یا مندرجہ ذیل لنک سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہے:

https://ke.com.pk/wp-content/uploads/2026/11/KEDISP-RRC003-26-27.pdf

معلومات اور معائنہ کیلئے برائے مہربانی رابطہ کریں:

یو اے این: +92 21 387 09132 (Ext:1110/1293)

سیل نمبر: +92 340 3890193 (شہیر علی آغا)

ای میل: ali.qazi@ke.com.pk, shaheer.ali@ke.com.pk

پہلی منزل، بلاک جے، ایلنڈ روڈ کمپلیکس، کراچی پاکستان

کے۔الیکٹرک لمیٹڈ کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی وقت کسی بھی یا تمام پروپوزلز کو متاثرہ پارٹیز کو مطلع کیے بغیر مسترد کر دے یا منسوخ کر دے۔

نوٹ: متعلقہ ٹینڈر سے متعلق کسی بھی ترمیم/اضافے کے لیے صرف کے۔الیکٹرک کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں:

https://ke.com.pk/suppliers/#remote-ue-item-2

ڈسپوزل کے عمل سے متعلق کسی بھی شکایت یا اعتراض کی صورت میں براہِ کرم complaints.disposal@ke.com.pk پر ای میل کریں۔

جنرل منیجر
پروکیورمنٹ اینڈ ڈسپوزل

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

ایڈیٹر و پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

نئے صوبے، حساس معاملات پارلیمانی بحث کے ذریعے حل کیا جانا چاہئے!


کراچی پریس کلب کے پروگرام "میٹ دی پریس" سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے خبردار کیا ہے کہ سندھ کی تقسیم زبردستی ہوئی تو سڑکوں پر خون خرابہ ہوگا، بھائی بھائی کو قتل کرے گا اور معاشرے میں ایسی تقسیم پیدا ہوگی جو دشمنی تک جا پہنچے گی۔ اُن کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کسی بھی غیر آئینی اقدام کا ڈٹ کر مقابلہ کرے گی، 27ویں آئینی ترمیم سیاسی اتفاقِ رائے کے بجائے جبری اکثریت سے منظور ہوئی، نظام خود بخود تباہ نہیں ہوا بلکہ اِسے تباہ کیا گیا ہے جس کی بحالی کے لئے پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان سمیت سیاسی قیدیوں کو رہا کرنا ہوگا۔ اُنہوں نے مولانا فضل الرحمان اور تحریک انصاف سمیت اپوزیشن کا اعتماد بحال کرنے، انتقامی کارروائیاں بند کرنے اور سیاسی نظام کو نئے صوبوں کے بجائے سیاسی ری سیٹ کے ذریعے درست کرنے پر زور دیا۔ اُن کے مطابق نئے صوبوں کے معاملے پر نہ اُن سے اور نہ ہی صدر آصف علی زرداری سے کوئی بات ہوئی ہے، حتیٰ کہ کابینہ میں بھی اِس پر بحث یا فیصلہ نہیں ہوا۔ بلاول بھٹو نے عمران خان کو سیاسی قیدی قرار دیتے ہوئے کہا کہ تحریک انصاف کے بغیر ملک نہیں چل سکتا۔ حکومت کو اپوزیشن کی مخصوص نشستیں واپس دینے پر بھی بغیر کسی پیشگی شرط کے غور کرنا چاہئے۔ انتخابی نشان اور مخصوص نشستوں کے معاملے پر کیے گئے اقدامات سے اپوزیشن کا اعتماد مجروح ہوا جبکہ کسی سیاسی جماعت کو غدار یا ملک دشمن قرار دینا جمہوری نظام کے ساتھ ناانصافی ہے۔ اُنہوں نے پارلیمان کے ارکان کو آزادانہ طور پر اپنا مؤقف پیش کرنے اور قانون سازی میں حصہ لینے کا حق دینے پر زور دیا۔ کسی رکن کو یہ خوف نہیں ہونا چاہئے کہ کسی بل پر ووٹ دینے یا تقریر کرنے کے نتیجے میں اُس کے خلاف نیب کارروائی شروع ہو جائے گی۔

کرپشن کو ملک کا بنیادی مسئلہ قرار دیتے ہوئے اُنہوں نے احتساب کے اداروں کے سیاسی استعمال پر تنقید کی اور کہا کہ بدعنوانی میں سیاستدانوں کے ساتھ بیوروکریسی بھی ملوث ہو سکتی ہے لہٰذا احتساب سب کے لئے یکساں ہونا چاہئے۔ عدلیہ، الیکشن کمیشن، پارلیمان اور میڈیا سمیت تمام اداروں کو اپنی ساکھ اور عوامی اعتماد بحال کرنا ہوگا۔ اعلیٰ عدلیہ کے سینئر ججوں کے استعفے بھی عدالتی نظام پر اعتماد کے حوالے سے اہم سوالات اٹھاتے ہیں۔ بلاول بھٹو کے اِس خطاب نے ملکی سیاست اور حکومتی اتحادیوں کے درمیان پائے جانے والے تضادات کو نمایاں کر دیا ہے۔ پیپلز پارٹی موجودہ حکومتی اتحاد کا کلیدی حصہ ہے اور 27ویں آئینی ترمیم کی منظوری کے عمل میں بھی پیش پیش رہی ہے۔ کہا جا سکتا ہے کہ ایک طرف ترمیم کی منظوری میں بھرپور کردار ادا کرنا اور دوسری طرف اُسی ترمیم کو جبری اکثریت کا نتیجہ قرار دینا کھلا تضاد ہے۔ ناقدین بلاول بھٹو کی وہ پارلیمانی تقریر بھی یاد دلاتے ہیں جو ترمیم کی منظوری کے بعد کی گئی تھی جس میں وہ اس کا کریڈٹ لیتے اور اُس کے حق میں بھرپور دلائل دیتے نظر آئے تھے۔ خیبرپختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے حوالے سے پیپلز پارٹی کی طرف سے اپنے نامزد گورنر کے لئے وسیع تر اختیارات کی حمایت بھی سوالات کو جنم دیتی ہے۔ ایک طرف بلاول بھٹو اپوزیشن کے جمہوری حقوق، پارلیمانی بالادستی اور سیاسی آزادیوں کی بات کرتے ہیں تو دوسری طرف ایسے انتظامی اقدامات کی حمایت کرتے دکھائی دیتے ہیں جنہیں ناقدین جمہوری اصولوں کے برعکس قرار دیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر نے انہیں قول و فعل کا تضاد ختم کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے کے پی کے سے گورنر راج اُٹھا کر پہل کرنے کی تجویز دی۔ نئے صوبوں کے معاملے پر بھی بلاول بھٹو کا طرزِ بیان سخت اور جذباتی رہا۔

کسی بھی صوبے کی تقسیم ایک حساس معاملہ ہے جس کے سماجی، تاریخی، لسانی اور انتظامی پہلوؤں کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا لیکن اِس پر خونریزی جیسے الفاظ کے استعمال کے بجائے سیاسی قیادت کو اتفاقِ رائے کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئے۔ بلاول بھٹو کے بیان پر متحدہ قومی موومنٹ کی طرف سے اِسے مہاجروں کے خون بہائے جانے سے جوڑ دینے سے سیاسی ماحول میں کشیدگی بڑھ رہی ہے۔ بلاول بھٹو ایک طرف معاشی مشکلات، مہنگائی اور غربت کے تناظر میں سیاسی تقسیم ختم کرنے، گرینڈ ڈائیلاگ اور آل پارٹیز کانفرنس کی ضرورت پر زور دیتے ہیں لیکن دوسری طرف سندھ کی تقسیم کے معاملے پر ایسا سخت لہجہ اختیار کرتے ہیں جو سیاسی درجہ حرارت میں اضافے کا سبب بن سکتا ہے۔ اِسی طرح نظام کو ری سیٹ کرنے کے لئے وہ سیاسی مفاہمت اور اداروں کی مضبوطی کو ناگزیر قرار دیتے ہیں لیکن نظام کی خرابی کا ملبہ بھی اُن پالیسیوں پر ڈالتے دکھائی دیتے ہیں جن میں ان کی جماعت خود شریک رہی ہے۔ نظام کی اصلاح ضروری ہے، اپوزیشن کے تحفظات دور ہونے چاہئیں اور تمام سیاسی جماعتوں کو پارلیمان میں مؤثر کردار ادا کرنے کا موقع ملنا چاہئے تاہم حکومتی اتحاد میں شامل جماعتوں کو بھی اپنی ذمہ داریوں کا تعین کرنا ہوگا۔ پیپلز پارٹی کے حامیوں اور بلاول بھٹو کے نزدیک اُن کا مؤقف وفاقی اکائیوں کے تحفظ اور زمینی حقائق کی بنیاد پر ہے۔ اُن کا استدلال ہے کہ کسی صوبے کی تقسیم محض انتظامی معاملہ نہیں بلکہ اُس کے گہرے سماجی اور تاریخی اثرات ہوں گے۔ ماضی میں لسانی بنیادوں پر ہونے والے تشدد کے تناظر میں وہ کسی بھی غیر آئینی یا جبری اقدام کے نتائج سے خبردار کر رہے ہیں۔ اِسی طرح احتساب کے یکساں نظام، عدالتی اصلاحات اور اداروں پر عوامی اعتماد کی بحالی سے متعلق ان کے نکات بھی اہمیت رکھتے ہیں تاہم جمہوری اصولوں کی پاسداری کا تقاضہ ہے کہ یہ مؤقف تمام معاملات میں یکساں طور پر اختیار کیا جائے، نہ کہ سیاسی مصلحت کے تحت ایک معاملے میں جمہوریت اور دوسرے میں انتظامی اختیار کو ترجیح دی جائے۔

پاکستان اِس وقت معاشی اور سیاسی مشکلات کا سامنا کر رہا ہے۔ مہنگائی، بے روزگاری اور غربت نے عام آدمی کی زندگی مشکل بنا رکھی ہے۔ ایسے میں ملک کی بڑی سیاسی جماعتوں، بالخصوص پیپلز پارٹی سے توقع ہے کہ وہ غیر ضروری تنازعات اور متضاد بیانیوں کے بجائے واضح اور اصولی مؤقف اختیار کرے گی۔ اقتدار میں شراکت داری اور حکومتی مراعات سے فائدہ اُٹھانے کے ساتھ ساتھ اپوزیشن جیسا لب و لہجہ اختیار کرنا نہ جمہوری نظام کے استحکام میں مددگار رہا ہے اور نہ ہی سیاستدانوں پر عوام کا اعتماد بحال کر سکتا ہے۔ ملکی استحکام کا تقاضہ ہے کہ تمام سیاسی قوتیں ذاتی اور علاقائی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی یکجہتی کے لئے کردار ادا کریں۔ نئے صوبوں جیسے حساس معاملات کو اشتعال انگیز بیانات کے بجائے آئینی دائرہ کار، عوامی خواہشات اور پارلیمانی بحث کے ذریعے حل کیا جانا چاہئے۔

اقتصادی تعاون تنظیم اجلاس!




وزیراعظم شہباز شریف نے اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے مقاصد کے حصول کے لئے پاکستان کے مضبوط عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ علاقائی معاشی تعاون کو تیز کرنے کے لئے موجودہ معاہدوں پر مؤثر عملدرآمد اور ادارہ جاتی نظام کو مضبوط بنانا ضروری ہے تاکہ مشترکہ ویژن کو خطے کے عوام کے لئے حقیقی فوائد کے حامل عملی اقدامات میں تبدیل کیا جا سکے۔ وزیراعظم نے وزرائے کونسل کے 30ویں اجلاس کے کامیاب انعقاد کو سراہتے ہوئے اسلام آباد اعلامیے اور 2026ء سے 2035ء تک معاشی تعاون کے لئے طے کیے گئے سٹرٹیجک اہداف کی منظوری کا بھی خیر مقدم کیا۔ انہوں نے تجارت، سرمایہ کاری، ٹرانسپورٹ، علاقائی راہداریوں، توانائی، انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجی اور پائیدار ترقی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر زور دیا۔ وزیراعظم نے او آئی سی کے سیکرٹری جنرل اسماعیل اولد شیخ احمد سے بھی ملاقات کی جس میں مسلم اُمہ کو درپیش پیچیدہ چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے اسلامی تعاون تنظیم کے کردار کو مزید مؤثر بنانے کے علاوہ فلسطین اور مقبوضہ جموں و کشمیر کے مظلوم عوام کی حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا۔

نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے مذکورہ بالا کانفرنس سے اختتامی خطاب اور بعدازاں پریس کانفرنس میں اعلان کیا کہ مکہ دفاعی اتحاد کی سٹرٹیجک سیاسی اور دفاعی کمیٹی کا آئندہ اجلاس رواں ماہ کے آخر میں اسلام آباد میں ہوگا جبکہ اِس اتحاد کا دائرہ کار صرف تین ممالک تک محدود رکھنے کا ارادہ نہیں ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ پاکستان کی 2026ء اور 2027ء کے لئے ای سی او کی صدارت کا بنیادی مقصد علاقائی تعاون، تجارت اور سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے علاوہ وسطی اور جنوبی ایشیاء کے درمیان روابط مضبوط بنانا ہے، پاکستان تنظیم کے چارٹر، خود مختاری، مساوات، باہمی احترام، عدم مداخلت اور مشترکہ مفادات پر مبنی تعاون کے اصولوں کے حصول کے لئے پُرعزم ہے۔ ای سی او ویژن 2035ء متعارف کرا دیا گیا ہے تاہم پانچ اہم ترجیحات پر پیشرفت کے لئے خطے میں امن اور استحکام ناگزیر ہے۔ اُنہوں نے زور دیا کہ علاقائی روابط محض سڑکوں اور تجارتی راستوں کی تعمیر تک محدود نہیں بلکہ بین الاقوامی قانون، معاہدوں کے احترام اور تنازعات کے پُرامن حل سے بھی جُڑے ہیں، پاکستان مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے کشیدگی میں کمی اور پائیدار امن کے قیام کے لئے کوششیں جاری رکھے گا۔ ایران اور امریکہ کے درمیان معاملات سے متعلق سوال پر نائب وزیراعظم کا کہنا تھا کہ پاکستان نے مذاکراتی عمل کو آگے بڑھانے کی کوششیں ترک نہیں کیں اور اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد کے ذریعے معاملات کے حل کے لئے پُرامید ہے۔ افغانستان کے حوالے سے انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان کو افغان عوام سے کوئی مسئلہ نہیں بلکہ اُس کی تشویش دہشت گرد تنظیموں اور پاکستانی سرزمین پر اُن کے حملوں سے متعلق ہے۔ پاکستان کا بنیادی مطالبہ ہے کہ افغان سرزمین کسی بھی ہمسایہ ملک، بالخصوص پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لئے استعمال نہ ہو۔ افغانستان دہشت گرد عناصر کے خلاف عملی کارروائی کرتا ہے تو پاکستان تعاون، حمایت اور مدد کے لئے تیار ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ افغانستان ایک قدم آگے بڑھائے تو پاکستان دو قدم آگے بڑھنے کے لئے تیار ہے۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ای سی او ممالک نے امریکہ کے ساتھ جنگ کے خاتمے کی کوششوں کے سلسلے میں تہران کے پیش کردہ منصوبے کی حمایت کی ہے۔ واشنگٹن ایرانی شرائط تسلیم کر لیتا ہے تو ایران دو روز کے اندر آبنائے ہرمز کھولنے پر تیار ہے۔ انہوں نے پاکستان کے ثالثی کردار پر بھی اطمینان کا اظہار کیا۔ وزرائے کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ تہران کے علاقائی ممالک کے ساتھ کوئی بنیادی تنازعات نہیں اور وہ دوستانہ و تعمیری تعلقات کے فروغ کے لئے پُرعزم ہے، تاہم کسی بھی علاقائی ملک کی سرزمین، فضائی حدود اور تنصیبات کو دوسرے ملک کے خلاف حملوں کے لئے استعمال نہیں ہونا چاہئے۔ ان کے مطابق علاقائی روابط، تجارت میں آسانی اور توانائی کے شعبے میں تعاون بڑھانے سے اجتماعی استحکام کو تقویت ملے گی، بیرونی خطرات اور انحصار میں کمی آئے گی اور ایک مربوط و خود کفیل خطے کی تشکیل ممکن ہو گی۔ انہوں نے جدید، جامع اور مؤثر تجارتی معاہدے کو علاقائی تجارت کے فروغ اور اقتصادی استحکام کے لئے اہم قرار دیا۔

اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے 10 رُکن ممالک قدرتی وسائل، افرادی قوت، زرعی پیداوار، صنعتی صلاحیت اور جغرافیائی محل وقوع کے اعتبار سے ایک دوسرے کی معاشی ضروریات پوری کرنے کی بھرپور استعداد رکھتے ہیں۔ 1985ء میں پاکستان، ایران اور ترکیہ نے اِس تنظیم کی بنیاد رکھی، بعدازاں افغانستان اور وسطی ایشیاء کی پانچ ریاستوں کی شمولیت سے اِس کے ارکان کی تعداد 10 ہو گئی۔ ایران، آذربائیجان، قازقستان اور ترکمانستان تیل اور قدرتی گیس کے وسیع ذخائر رکھتے ہیں جبکہ قازقستان اور ازبکستان سونے، یورینیم اور دیگر معدنی وسائل سے مالا مال ہیں۔ ترکیہ مضبوط صنعتی اور برآمدی معیشت کا حامل ہے، پاکستان زراعت، ٹیکسٹائل اور معدنیات کے شعبوں میں اہمیت رکھتا ہے، افغانستان وسطی اور جنوبی ایشیاء کے درمیان تجارتی راہداری بننے کی صلاحیت رکھتا ہے جبکہ تاجکستان اور کرغزستان پن بجلی کے وسائل سے مالا مال ہیں۔ اِن ممالک کی معاشی صلاحیتوں کو یکجا کر کے توانائی، صنعت، خوراک، معدنیات اور تجارت کے شعبوں میں ایک مضبوط علاقائی منڈی تشکیل دی جا سکتی ہے تاہم سیاسی کشیدگی، باہمی عدم اعتماد، سرحدی تنازعات، افغانستان کی غیر یقینی صورتحال، دہشت گردی، ایران پر عائد پابندیاں اور عالمی طاقتوں کے اختلافات اس تعاون کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہیں۔

بلاول بھٹو کی انقلابی تقریر یا فدوی کی عرضی



پہلی بات تو یہ ہے بلاول بھٹو زرداری کی اردو بہت بہتر ہوگئی ہے۔ مشکل لفظ بھی بڑی آسانی سے بول لیتے ہیں۔ 38 سال بعد مجبوری تو آ ہی جاتی ہے۔ اب پریس کلب کراچی میں جو تقریر کی ہے، اس پر نظر ڈالیں تو اس میں ایک بلاول جمہوریت کا چیمپئن بن کر ابھرتا ہے اور دوسرا ایسا پشیمان شخص جو اپنے ہی فیصلوں پر پچھتا رہا ہے اور خود پر تنقید بھی کر رہا ہے۔ یہ احساسِ رائیگانی کا نتیجہ ہے یا پھر مستقبل کی پیش بندی۔ خود کو جمہوری اور جمہوریت کا محافظ قرار دینے کی ایک کوشش ہے یا پھر کسی کے لئے پیغام ہے۔ بلاول بھٹو زرداری پاکستانی سیاست میں سب سے نوجوان پارٹی چیئرمین ہیں۔ مستقبل ان کے لئے کھلا ہے تاہم اس موقع پر اچانک ان کا یوں پھٹ پڑنا حیران ضرور کر گیا ہے۔ ابھی ایک سال سے بھی کم عرصہ پہلے وہ ستائیسویں ترمیم کی منظوری پر چہک رہے تھے اور اب اس ترمیم کو دباؤ اور مجبوری کا شاخسانہ کہہ رہے ہیں، اس عرصے میں ایسا کیا ہوا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری بدل گئے، ان کی سوچ تبدیل ہوگئی ہے۔ آج وہ عمران خان کو سیاسی قیدی قرار دے کر تمام سیاسی قیدیوں کو رہا کرنے کی بات کر رہے ہیں مگر اس سے پہلے ایک سال سے یہ خبریں آ رہی تھیں کہ عمران خان کو قید تنہائی میں رکھا گیا ہے، کسی سے ملنے نہیں دیا جا رہا، لیکن بلاول بھٹو نے زبان تک نہیں کھولی ان کے حق میں ایک بیان تک نہیں دیا بلکہ الٹا کئی مواقع پر تمسخر اڑایا۔ بلاول اگر اپنی تقریر میں صوبوں کے حوالے سے بات نہ کرتے تو ان کی ان باتوں میں ایک وزن پیدا ہو جاتا، پھر یہ سمجھا جاتا کہ ان کے اندر جمہوریت، انسانی حقوق اور عدل و انصاف کے حوالے سے ایک شمع فروزاں ہوئی ہے مگر جس طرح انہوں نے سندھ میں صوبے بنانے کے ضمن میں سخت موقف اختیار کیا بات خون خرابے تک لے گئے، اس نے یہ واضح کر دیا کہ ان کی یہ ساری سمع فراشی درحقیقت یہ بتانے کی کوشش ہے کہ اگر صوبوں کی بات ہوئی تو ہم یوٹرن لے کر پاس کی گئی ترمیم کے خلاف بھی بولیں گے اور عمران خان کی حمایت بھی شروع کر دیں گے، ساتھ ساتھ مولانا فضل الرحمن کی حمایت بھی کریں گے۔ کیا اس طرح بات بن جائے گی، اٹھائیسویں ترمیم رک جائے گی، صوبے نہیں بنیں گے اور سندھ اسی طرح پیپلز پارٹی کی جاگیر بنا رہے گا؟ فی الوقت یہ کہنا آسان نہیں تاوقتیکہ بلاول بھٹو زرداری کوئی عملی قدم نہیں اٹھاتے۔ پیپلز پارٹی ہر اس زیادتی میں شریک رہی ہے، جو 2024ء کے بعد سے اب تک تحریک انصاف کے ساتھ ہوئی ہے۔ اب اگر وہ کہتے ہیں۔ مخصوص سیٹیں تحریک انصاف سے غیر آئینی طور پر چھینی گئیں تو پھر انہیں سب سے پہلے وہ نشستیں خالی کرنی چاہئیں جو پیپلز پارٹی کو ملیں۔ کسی اور سے مطالبہ کرنے کی بجائے انہیں یہ فیصلہ خود کرنا چاہیے۔ پھر اگر وہ کہتے ہیں اپوزیشن دہشت گردی کے خلاف تعاون پر آمادہ ہوگئی تھی، معاہدہ ہونے والا تھا کہ گورنر راج لگا دیا گیا تو ان کے پاس بڑا اچھا موقع ہے کہ خیبرپختونخوا کی گورنر شپ چھوڑ دیں۔ انگلی پر لہو لگا کے شہیدوں میں نام لکھانے کا زمانہ اب نہیں ہے۔ سب کچھ عوام پر ظاہر ہے اور واضح ہے۔ اس وقت پیپلز پارٹی مسلم لیگ (ن) سے بھی زیادہ اقتدار کے مزے لوٹنے والی جماعت ہے۔ تین صوبوں کی حکومتیں اس کے پاس ہیں، صدارت ہے، سینیٹ کی چیئرمین شپ، پنجاب کی گورنری ہے۔ اب یہ ایسی حقیقتیں ہیں، جنہیں بلاول کی ایک تقریر نہیں جھٹلا سکتی آج اگر نئے صوبوں کا معاملہ ختم ہو جائے تو کیا بلاول بھٹو زرداری کا، عمران خان، گورنر راج، سیاسی قیدیوں اور وزرائے اعظم کو گھر سے جیل بھیجنے اور جیل سے اقتدار کی کرسی تک لانے موقف یہی ہوگا جو انہوں نے اپنی تقریر میں بیان کیا۔ عمران خان کی حکومت گرا کے اس بندوبستی نظام کے آتے ہی بلاول بھٹو زرداری نے خود ویلکم کیا تو پرانا پاکستان کہا تھا۔ گویا پرانے پاکستان کو انہوں نے اس تمام خوبیوں خامیوں سمیت قبول کر لیا تھا۔ اس میں وزرائے اعظم کو گھر بھیجنے، پھر جیل میں ڈالنے اور جیل سے تخت اقتدار پر پہنچانے کے سب واقعات شامل تھے۔ اب وہ ان باتوں پر تنقید کر رہے ہیں۔ اقتدار میں رہنے کے دو اڑھائی سال بعد یہ خیال کیسے آ گیا اور آ ہی گیا ہے تو کتنے عرصے برقرار رہے گا۔ بلاول بھٹو زرداری کی تقریر پر واہ واہ کرنے والوں کی کمی نہیں۔ اگر ان باتوں کے پس منظر میں وہ تضادات نہ ہوتے جن کا بلاول شکار ہیں تو میں بھی واہ واہ کرتا، بلکہ تالیاں بجاتا، مگر وہ سچ جو اپنے کسی خاص ایجنڈے کے تحت بولا جائے وہ سچ نہیں ہوتا دھوکہ ہوتا ہے۔

پیپلز پارٹی اگر خود کو قومی جماعت کہتی ہے تو اسے اس خوف سے نکلنا ہوگا کہ سندھ میں ایک یا دو مزید صوبے بن گئے تو اس کی سیاست ختم ہو جائے گی۔ ہاں یہ اس کا حق ہے اسمبلی میں اگر یہ معاملہ آئے تو اس کی مخالفت کرے تاکہ ترمیم پاس نہ ہونے دے، مگر یہ خون خرابے کی دھمکیاں دے کر اس فرق کو کیوں مٹایا جا رہا ہے جو ایک سیاسی جماعت اور دہشت گرد تنظیم میں ہوتا ہے۔ پیپلز پارٹی کیا صرف سندھ کی جماعت ہے، اگر سندھ کی جماعت ہے، صوبے بن بھی جائیں ان میں آبادی تو سندھ میں رہنے والوں کی ہی رہے گی، وہ اس صورت میں بھی پیپلز پارٹی ہی کو ووٹ دیں گے۔ پھر ڈر کس بات کا ہے۔ پیپلز پارٹی وفاقی جماعت ہونے کی دعویدار ہے تو پھر جتنے بھی صوبے بن جائیں وہ اپنے ووٹ بینک سے کامیابی حاصل کر لے گی۔ وہ اگر صوبوں کی خاطر نہیں بلکہ ملک میں حقیقی جمہوریت کے لئے جدوجہد کا آغاز کرنا چاہتی ہے۔ جیسا کہ بلاول بھٹو زرداری نے اپنی تقریر میں نکات بیان کئے ہیں تو پھر اسے اقتدار سے باہر آ کر یہ کرنا ہوگا۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ وہ باغباں بھی خوش رہے اور راضی رہے صیاد بھی، والی پالیسی اپنا کر اپنی سیاست چمکاتی رہے۔ بلاول بھٹو زرداری کی تقریر کو کسی بڑی تبدیلی یا جدوجہد کا اشارہ نہ سمجھا جائے۔ یہ پیغام رسانی کا عمل ہے، دیکھتے ہیں بات بنتی ہے یا نہیں۔

آئین و جمہوریت کی بحالی اور سیاسی قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ



محترم لیاقت بلوچ، نائب امیر جماعتِ اسلامی، پاکستان اور جناب بلاول زرداری، چیئرپرسن پاکستان پیپلز پارٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ پاکستان میں سیاسی قیدیوں کا سلسلہ ختم ہونا چاہیے اور عمران خان کو بھی سیاسی قیدی سمجھتے ہوئے ان کی رہائی کے لیے ماحول سازگار بنایا جائے۔ کسی بھی سیاسی جماعت کو دیوار سے لگانا یا سیاسی بنیادوں پر قید کرنا جمہوریت کے لیے درست نہیں ہے۔

بانی پی ٹی آئی عمران خان کا اپنے وکیل کے ذریعے وفاقی آئینی عدالت، سپریم کورٹ اور اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس صاحبان کے نام خط بہت اہم ہے اور سیاسی قیادت کے ساتھ جیل میں روا رکھی جانے والی سختیوں، علاج معالجے کی سہولیات سے محرومی اور انصاف کے حصول میں رکاوٹوں کی چشم کُشا نشان دہی ہے۔ سیاست، جمہوریت، انسانیت، ہارڈ اسٹیٹ ڈاکٹرائین کی بھینٹ نہ چڑھائی جائے۔ آئین، قانون اور انسانی حقوق کے دائروں میں سابق وزیراعظم عمران خان جن حقوق اور سہولتوں کے حق دار ہیں عدلیہ اُنہیں یقینی بنائے، حکومتیں اور عدالتیں خصوصاً تمام گرفتار خواتین کی رہائی کا بندوبست کریں۔

قومی قیادت کے عالمی دورے، سفارتی تنہائی کو ختم کرنے کے اقدامات، عالمی فورمز پر سفارتی کوششیں، بہت اچھی ہیں لیکن یہ عمل مسائل کا کامل حل نہیں، اندرونی محاذ پر سیاسی، معاشی استحکام ناگزیر ہے۔ نظام کے زوال اور تباہی نیز [illegible]ری سیٹ ※ کی بھی وزراء نشاندہی کر رہے ہیں۔ وفاقی اور صوبائی سطح پر اہم حکومتی عہدیداروں کے الگ الگ بیانیے اور اتحادی حکومت میں مسلم لیگ ن اور پی پی پی کی مسلسل نورا کشتی حالات کو مزید گھمبیر بنا رہے ہیں۔

آئین پر عملدرآمد، آزاد عدلیہ، سیاسی بحرانوں کے خاتمہ اور معاشی استحکام کیلئے سنجیدہ اقدامات اور وفاقی و صوبائی حکومتوں کے آئین کے مطابق تعلقاتِ کار ملک کی ضرورت ہیں۔

سیاسی قومی اُمور کمیٹی کے صدر لیاقت بلوچ کا کہنا ہے کہ بلوچستان اور خیبرپختونخوا میں مسلسل دہشت گرد حملے اور سیکورٹی فورسز، پولیس افسر و جوانوں کی شہادتیں باعثِ غم اور پوری قوم کا فخر ہیں۔ خیبرپختونخوا میں گورنر راج، ایمرجنسی کے نفاذ کو 35 دن ہو گئے، انتظامیہ، مقننہ، عدلیہ پر مکمل ریاستی بالادستی اور کنٹرول ہے لیکن کوہاٹ، ڈیرہ اسماعیل خان میں ہولناک دہشت گرد حملوں نے پوری قوم کو بڑی تشویش میں مبتلا کر رکھا ہے۔ سونا تلاش کرنے والے پرائیویٹ کنٹریکٹرز کو بیدخل کر دیا گیا ہے، ہزاروں محنت کش بیروزگار ہو گئے ہیں، کیا اس اقدام سے بیروزگاروں کو دہشت گرد مائنڈ سیٹ کیلئے تر نوالہ بنا دیا گیا ہے؟ درست اقدام کریں لیکن حکمت اور پائیداری کے اُصول کو قائم رکھا جائے، بلاتاخیر میرٹ پر پرائیویٹ کنٹریکٹ دیئے جائیں۔ سیکورٹی فورسز اور پولیس اہلکار دہشت گردوں کا ٹارگٹ ہیں، پولیس نسبتاً آسان ٹارگٹ ہے

نوجوان شاہین، بے قصور ہیں! پوری دلجمعی سے مقابلہ کیا!



ہمارے دوست سیر صبح اسلم صاحب بہت دُکھی اور پھر بڑے خوش تھے، دُکھ ان کو یہ ہوا کہ ننھے شاہین لب بام آ کر بھی کامیاب نہ ہو سکے اِس حوالے سے وہ بڑی تکنیکی گفتگو بھی کرتے رہے اور پھر اگلے ہی روز وہ خوش تھے ان کے مطابق بھارتی انڈر 19 ٹیم کے کھلاڑیوں نے فائنل میچ کے فوراً بعد جس بدتمیزی اور بدتہذیبی کا مظاہرہ کیا تھا اس پر آئی سی سی نے پاکستان کرکٹ بورڈ کے سخت احتجاج کے بعد کارروائی کی اور بھارتی ٹیم کے ہر کھلاڑی کو 50، 50 لاکھ روپے جرمانہ کر دیا ہے، جب وہ یہ سب بتا رہے تھے تو میرے علم میں کچھ نہیں تھا، اس لئے خاموش رہا اور ان کی خوشی میں مخل نہ ہوا، پاکستان کی انڈر 19 ٹیم فائنل میچ میں بھارتی ٹیم سے ہار گئی تھی اور یہ میچ کے آخری گیند پر ہوا کہ اُس وقت بھارتی ٹیم کو ایک گیند پر تین رنز کی ضرورت تھی، ہمارے شاہین بھارتی کھلاڑیوں کی طرف سے چوکا روک نہ سکے اور ایک وکٹ سے یہ میچ ہار گئے، اس کے بعد میدان میں جو ہوا وہ بڑا ہی غیر مہذب اور بداخلاقی سے بدتر نوعیت کا معاملہ تھا کہ بھارتی کھلاڑیوں نے ہمارے بچوں کو گالیاں دیں اور جھگڑے کی کوشش کی، خصوصی طور پر حمزہ ظہور کے ساتھ ون او ون بھی واقع پیش آیا، ہمارے اس بہادر سپاہی نے گراؤنڈ میں کھڑے رہ کر تحمل سے اس ہلڑ بازی اور بدمعاشی کو برداشت کیا، اس کی داد بھی دی گئی اور یہ سلسلہ جاری ہے، حمزہ ظہور نے بعدازاں کہا کہ شکر کریں کہ اس بدتمیز نے میرے ملک کو برا نہیں کہا ورنہ میں برداشت نہ کر سکتا، بہرحال بات شروع کی تھی اسلم صاحب کی اطلاع سے کہ آئی سی سی نے کارروائی کی ہے، میرے لئے یہ حیرت کا باعث تھا کہ مین میڈیا پر ایسی کوئی خبر نہیں تھی، سیر کے بعد گھر آ کر چیک کیا تو یہ سوشل میڈیا کی اطلاع تھی، چنانچہ تصدیق لازم تھی۔ یوں بھی ایشیا کرکٹ کونسل کے صدر ہمارے محسن نقوی ہیں اور آئی سی سی کے چیئرمین بھارتی بورڈ کے صدر جے شاہ تھے (وہ اب دوسری بار بلامقابلہ چیئرمین منتخب ہو گئے ہیں) اس لئے اگر ایسی سزا دی گئی ہوتی تو مین سٹریم میڈیا پر ضروری طور پر نشر اور شائع ہوتی اور بڑی خبر بنتی۔ میں نے بہت تلاش کی لیکن سوشل میڈیا کے سوا کہیں نظر نہ آئی۔ لہٰذا اب یہی کہا جا سکتا ہے کہ فیک نیوز تھی کہ بھارتی جے شاہ ایسا فیصلے کر سکتے ہیں؟ یہ بھارتی طرزِ عمل ہے ابتداء سینئر ٹیم سے اس وقت ہوئی جب اس کے کپتان نے پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان کے ساتھ ٹاس کے بعد ہاتھ ملانے سے گریز کیا، دنیا بھر میں بھارتی رویے پر تنقید ہو رہی ہے کہ کھیل شریفوں اور شرافت کا عمل ہے اس میں کسی قسم کی کوئی گنجائش نہیں ہے لیکن بھارتی کھلاڑیوں نے اسے ایسا نہیں رہنا دیا، مجھے یقین ہے کہ پاکستان کرکٹ کے چیئرمین نے اپنا احتجاج فوری طور پر ریکارڈ ضرور کرایا ہوگا۔

اب ذرا کھیل میں ہار کے حوالے سے بات کر لی جائے کہ پاکستان کے شاہینوں نے جیتا ہوا میچ کھو دیا اور بھارت اپنی چالاکی اور توجہ سے یہ میچ جیت گیا۔ ہمارے سابق قومی فاسٹ باؤلر جنید خان نے بہت ٹھوس بات کی اور انڈر 19 ٹیم کے کوچنگ سٹاف کو ذمہ دار قرار دیا۔ ان کا کہنا ہے کہ کوچنگ سٹاف نے اپنی ٹیم کے نونہالوں کو پوری طرح راہ نہیں سمجھائی۔ جنید خان کے مطابق فرق کافی تھا اگر باؤلر درست طور پر فائدہ اٹھاتے تو بھارت کی آخری وکٹ گر سکتی تھی یا پھر وہ سکور پورا نہ کر پاتے اور میچ پاکستانی شاہینوں کے حق میں جاتا، ان کے مطابق آخری اوورز میں زیادہ دباؤ بھارتی بلے بازوں پر تھا ہمارے کوچ حضرات کو ٹیم پاکستان اور کھلاڑیوں کو رائے دینا چاہئے تھی کہ وہ آخری اوورز میں تیز اور شارٹ گیندوں سے گریز کریں اور "بلاک ہول" میں سلو گیند کروائیں کہ زیادہ پریشر بھارتی کھلاڑیوں پر تھا اور آخری وکٹ حاصل کی جا سکتی تھی ہمارے باؤلرز کی طرف سے روایتی کھیل کھیلا گیا اور متعدد شارٹ بال کرا کے سکور کرا لیا۔ میرے خیال میں جنید خان کا تجزیہ درست ہے کہ ہمارے سپن باؤلر نقاب کو تو آخری اوورں میں بھی وکٹ مل گئی تھی اور اسی وکٹ کے گر جانے پر اس کا فیصلہ پاکستان ٹیم کے حق میں ہوتا، لیکن یہ کچھ نہ کیا گیا اور میچ ہاتھ سے نکل گیا، اب لازم ہے کہ کھیل کا مکمل تجزیہ کیا جائے، ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے اور ٹیم کی بہتری کے اقدامات ہوں، نوجوانوں نے بڑی ہمت اور حوصلہ سے فائنل تک رسائی حاصل کی اور جیتنے کی بھی بھرپور کوشش کی، کھلاڑی پوری طرح داد کے مستحق ہیں۔

شہرنامہ SHEHAR NAMA



فن و ثقافت

شوہر کی بے وفائی سب سے بڑا دھوکا ہے، رشتہ پہلے جیسا نہیں رہتا: حنا بیات



لاہور (پی این پی) پاکستان کی سینئر اداکارہ اور میزبان حنا بیات نے خواتین کے شوہروں پر مکمل انحصار اور ازدواجی زندگی میں ناجائز تعلقات کے اثرات پر اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ حنا بیات نے متعدد مقبول ڈراموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے ہیں جن میں اڑان، عشق گمشدہ، عون زارا، ہم سفر، زندگی گلزار ہے، شہرِ ذات، خدا اور محبت 3، عشق جلیبی، جنت سے آگے، خئی، جاں نثار اور خمار شامل ہیں، وہ سماجی مسائل پر کھل کر بات کرنے کے حوالے سے بھی جانی جاتی ہیں۔ حال ہی میں حنا بیات نے ایک مارننگ شو میں شرکت کی جہاں انہوں نے شوہروں پر مکمل انحصار کرنے والی خواتین اور ازدواجی زندگی میں بے وفائی کے اثرات پر گفتگو کی۔ شوہروں پر مکمل انحصار کرنے والی بیویوں کے حوالے سے بات کرتے ہوئے حنا بیات نے کہا ہے کہ میں نے ایک ایسے جوڑے کے بارے میں سنا ہے جن کی شادی کو ابھی 2 سال بھی نہیں ہوئے تھے کہ طلاق ہوگئی، جس کی وجہ شوہر کا بیوی کو مناسب وقت نہ دینا بتایا گیا۔ ان کا کہنا ہے کہ خواتین کو یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ شوہر جب کام پر جاتا ہے تو اسے اپنی ملازمت پر توجہ دینی ہوتی ہے اور وقت گزرنے کے ساتھ اس کی ذمے داریاں بھی بڑھتی جاتی ہیں۔ حنا بیات نے کہا کہ میں نے دیکھا ہے کہ شوہر ہر 6 ماہ بعد بیوی کو چھٹیاں گزارنے بھی لے کر جاتا تھا اور اسے وقت بھی دیتا تھا، اس کے باوجود طلاق ہوگئی۔ اداکارہ کے مطابق خواتین کو خود کو مصروف رکھنا چاہیے اور شوہر کے انتظار میں وقت گزارنے کے بجائے کوئی نہ کوئی مثبت سرگرمی اختیار کرنی چاہیے

رات گئے کراچی کی سڑک پر واک، فائزہ خان کا حنا الطاف کو انوکھا جواب،



کراچی (پی این پی) پاکستانی اداکارہ فائزہ خان نے حنا الطاف کے کراچی کو خواتین کے لیے غیر محفوظ قرار دینے کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے رات گئے شہر کی سڑک پر واک کی ویڈیو شیئر کر دی۔ حنا الطاف نے حال ہی میں کراچی کو جیل قرار دیتے ہوئے کہا تھا کہ شہر میں خواتین محفوظ نہیں ہیں جس کے بعد فائزہ خان نے رات تقریباً 2 بج کر 15 منٹ پر سڑک پر واک کرتے ہوئے ویڈیو بنائی اور کہا کہ کون کہتا ہے کراچی لڑکیوں کے لیے محفوظ نہیں؟ اداکارہ کے مطابق وہ گھر میں گھبراہٹ محسوس ہونے پر واک کے لیے نکلیں اور خود کو محفوظ محسوس کر رہی ہیں۔ اس سے قبل ایمن خان اور منیب بٹ بھی حنا الطاف کے بیان سے اختلاف کر چکے ہیں۔

عدنان صدیقی کا طلعت حسین کو خراجِ عقیدت

لاہور (پی این پی) پاکستانی اداکار عدنان صدیقی نے ماضی کی یادوں کو تازہ کرتے ہوئے مرحوم لیجنڈ اداکار طلعت حسین کو خراجِ عقیدت پیش کر دیا۔ فوٹوز اینڈ ویڈیوز شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اداکار نے طلعت حسین کے ساتھ ایک یادگار تصویر شیئر کرتے ہوئے پاکستانی ٹیلی ویژن کے سنہری دور کو یاد کیا اور ڈرامہ انڈسٹری کے فروغ میں مرحوم لیجنڈری اداکار کی خدمات کو سراہا۔ عدنان صدیقی نے تصویر پوسٹ کرتے ہوئے اعتراف کیا کہ مجھے یاد نہیں کہ یہ تصویر کہاں کھینچی گئی تھی لیکن مقام کی اہمیت زیادہ نہیں، کیونکہ اس تصویر کو خاص بنانے والی بات یہ ہے کہ مجھے نامور اداکار طلعت حسین کے ساتھ ایک ہی فریم میں آنے کا موقع ملا۔ اپنے فنی سفر پر روشنی ڈالتے ہوئے عدنان صدیقی نے کہا کہ ہماری نسل کے اداکار خوش قسمت ہیں کہ انہیں پاکستان کے چند بہترین ہدایت کاروں، اداکاروں اور مصنفین کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا۔

'میری زندگی برباد ہو گئی': راکھی ساونت گفتگو کرتے ہوئے رو پڑیں



ممبئی (پی این پی) بھارتی اداکارہ اور میڈیا شخصیت راکھی ساونت نے اپنے بچپن کے خوابوں، بالی ووڈ میں کامیابی کے عزائم اور زندگی میں پیش آنے والی مشکلات کے حوالے سے کھل کر گفتگو کی ہے۔ ایک انٹرویو میں راکھی ساونت نے بتایا ہے کہ میں بچپن میں شادی اور بچوں کی روایتی زندگی گزارنے کے بجائے اپنی الگ پہچان بنانا چاہتی تھیں، جیسا کہ میرے خاندان کی دیگر لڑکیوں سے توقع کی جاتی تھی۔ ان کا کہنا ہے کہ اب ماضی پر نظر ڈالنے کے بعد میں سمجھتی ہوں کہ زندگی میں شادی اور خاندان کی بھی اپنی اہمیت ہے۔ راکھی ساونت نے بالی ووڈ میں اپنے سفر کا ذکر کرتے ہوئے اعتراف کیا کہ میں نے فلمی دنیا میں کچھ خواب لے کر قدم رکھا تھا، لیکن میں اپنی تمام خواہشات پوری نہیں کر سکی۔ ان کا کہنا ہے کہ والدہ کی بیماری، ازدواجی مسائل اور قریبی لوگوں کی جانب سے ملنے والے دھوکوں سمیت زندگی کے کئی تلخ تجربات نے مجھے اپنے اصل مقاصد سے دور کر دیا۔ اداکارہ نے کہا کہ بچپن میں انسان کو اپنے مستقبل اور مقاصد کا واضح تصور ہوتا ہے، لیکن بڑے ہونے کے بعد ذمے داریاں اور اچانک پیش آنے والے مسائل انسان کی توجہ مختلف سمتوں میں لے جاتے

دیا مرزا کی نوازالدین صدیقی پر تنقید: سوشل میڈیا پر نئی بحث چھیڑ دی



ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ اداکارہ دیا مرزا نے معروف اداکار نوازالدین صدیقی کے رویے پر تنقید کرتے ہوئے سوشل میڈیا پر نئی بحث چھیڑ دی۔ دیا مرزا نے انسٹاگرام اسٹوری میں نوازالدین صدیقی کو ٹیگ کرتے ہوئے ان کے ساتھ کام کرنے کو ایک ڈراؤنا تجربہ قرار دیا تھا جس پر نوازالدین صدیقی نے بھی خاموشی توڑتے ہوئے جواب دیا کہ 'رویے میں کمی نکالنا آسان ہے، کام میں نکال کر دکھائیں۔' دونوں فنکاروں کے درمیان اس اچانک لفظی تبادلے کی وجہ تاحال سامنے نہیں آسکی۔ سوشل میڈیا پر بعض صارفین کا خیال ہے کہ یہ کسی نئے منصوبے کی تشہیری مہم ہوسکتی ہے، جبکہ دیگر نے اسے تشہیر کا نامناسب طریقہ قرار دیا۔ تاہم دونوں اداکاروں کی جانب سے کسی تشہیری مہم کی تصدیق نہیں کی گئی۔

کلاسیفائڈ اشتہار

گمشدگی کاغذات

میں مسمی وقاص راؤف ولد عبدالرؤف ڈاکخانہ ترلائی کلاں تحصیل وضلع اسلام آباد کا رہائشی ہوں میرا اصل پاسپورٹ نمبر Ac 9980353 مورخہ 08 فروری 2026 کو علاقہ ترلائی میں دوران سفر کہیں گم ہو گیا ہے جس کسی کو ملے ڈاکخانہ ترلائی کلاں ضلع اسلام آباد کے پتہ پر اطلاع دے

وقاص راؤف ولد عبدالرؤف ڈاکخانہ ترلائی کلاں تحصیل وضلع اسلام آباد

بقیہ نمبر 1

کا مقصد طلباء کو روایتی نصابی سرگرمیوں سے آگے بڑھ کر اپنی صلاحیتوں کے اظہار، عملی تجربات کے حصول اور قائدانہ مہارتوں کو فروغ دینے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ یونیورسٹی کا بنیادی مقصد طلباء و طالبات میں خود اعتمادی، بصیرت، تخلیقی سوچ اور قائدانہ صلاحیتیں بیدار کرنا ہے تاکہ وہ مستقبل کے چیلنجز کا مؤثر انداز میں مقابلہ کرتے ہوئے ملک وقوم کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرسکیں۔انہوں نے مزید کہا کہ سٹوڈنٹس ویک جیسی ہمہ گیر سرگرمیاں طلباء کو اپنی پوشیدہ صلاحیتوں اجاگر کرنے، باہمی تعاون، ٹیم ورک، نظم وضبط اور برداشت جیسی اہم اقدار سیکھنے کا بہترین موقع فراہم کرتی ہیں۔سٹوڈنٹس ویک 2026 کے دوران مختلف علمی، ادبی، ثقافتی، تفریحی اور کھیلوں کی سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے گا، جن میں سیمینارز، تربیتی ورکشاپس، سپورٹس گالا، پھولوں کی نمائش، جاب فیئر، فوڈ اینڈ ایگریکلچرل نمائشیں اور طلباء و طالبات کے درمیان مختلف مقابلے شامل ہیں۔ان سرگرمیوں کے ذریعے طلباء کو اپنی تخلیقی صلاحیتوں، فنی مہارتوں، تحقیقی رجحانات اور عملی قابلیت کا مظاہرہ کرنے کا موقع ملے گا، جبکہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے ماہرین اور اداروں کے ساتھ روابط کے فروغ کی راہ بھی ہموار ہوگی۔

بقیہ نمبر 2

اورنگزیب نلوٹھہ نے ملاقات کی ملاقات کے دوران ایبٹ آباد، گلیات اور ٹھنڈیانی میں تجاوزات، پارکنگ کے مسائل، سیاحتی مقامات کی بہتری اور ترقیاتی منصوبوں کے لیے فنڈز کے اجراء پر تبادلہ خیال کیا گیا گورنر فیصل کریم کنڈی نے عوامی اہمیت کے منصوبوں کی بروقت تکمیل اور محکموں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ٹھوس سفارشات مرتب کرنے پر زور دیا ملاقات میں کوآرڈینیٹر وزیراعظم یوتھ پروگرام سردار کلیم نلوٹھہ اور چیئرمین کینٹ سردار سید اکثر بھی موجود تھے

بقیہ نمبر 3

کی حیثیت سے لاہور میں آئندہ سال تنظیم کے سرکاری اجلاسوں اور مختلف سیاحتی وثقافتی تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا، ان تقریبات میں بسنت فیسٹیول اور لاہور بینالے بھی شامل ہیں، جبکہ سال بھر دیگر سرگرمیاں بھی جاری رہیں گی۔ان تقریبات کے دوران لاہور کے تاریخی مقامات، فن تعمیر، روایتی فنون، کھانوں اور پنجاب کی ثقافت کو اجاگر کیا جائے گا، اس سلسلے میں ای سی او کے رکن ممالک کے درمیان سیاحتی تعاون اور ثقافتی روابط کے فروغ پر بھی توجہ دی جائے گی۔پاکستان نے شوشا میں منعقدہ سیاحتی نمائش میں بھی شرکت کی، جہاں خصوصی پویلین کے ذریعے ملک کے تاریخی مقامات، ثقافتی ورثے اور سیاحتی مقامات کو متعارف کرایا گیا۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سقراط امان رانا نے کہا کہ ای سی او ٹورازم کیپیٹل کا اعزاز لاہور کیلئے اہم پیش رفت ہے، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن اور سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی قیادت میں پنجاب میں تاریخی ورثے کے تحفظ، سیاحتی سہولیات کی بہتری اور پائیدار سیاحت کے فروغ پر کام کیا جارہا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ آئندہ سال ای سی او کے رکن ممالک سمیت دیگر ملکوں سے سیاحوں اور وفود کی لاہور آمد متوقع ہے۔تقریب کے موقع پر سقراط امان رانا نے سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی جانب سے شرکاء کو یادگاری تحائف بھی پیش کئے گئے۔

بقیہ نمبر 4

سے طلبہ، اساتذہ، صنعتی اداروں کے نمائندوں، سرکاری حکام اور شہریوں نے شرکت کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سعید بادشاہ نے افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی، گورنر خیبر پختونخوا کے مشیر برائے صنعت، تجارت وفنی تعلیم ڈاکٹر محمد ارشاد کا استقبال کیا۔ڈاکٹر محمد ارشاد نے ربن کاٹ کر نمائش کا افتتاح کیا، طلبہ کو اپنے کام میں نمائش کی ترغیب دی اور جامعہ سے متعلق امور پر ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کی۔افتتاحی تقریب میں جامعہ کے سابق وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظفر ایم خان اور ممتاز ملکی سائنس دان ڈاکٹر محمد افضل خان بھی شریک ہوئے بعد ازاں وائس چانسلر نے یونیورسٹی آف صوابی کے پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ قریشی اور دیگر معزز مہمانوں کا خیر مقدم کیا۔نمائش کے دورے کے دوران مہمانوں نے منصوبوں کے عملی مظاہرے دیکھے اور طلبہ سے گفتگو کی کہ انہوں نے اپنے خیالات کو عملی شکل کیسے دی نمائش میں 22 اسکولوں، 9 کالجوں اور 5 جامعات کے طلبہ نے 128 منصوبے پیش کیے۔روزگار میلے میں طلبہ نے 8 کمپنیوں کے نمائندوں سے ملاقات کی اور پیشہ ورانہ مواقع کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔اس موقع پر جامعہ نے میلے میں شریک دو کمپنیوں کے ساتھ مفاہمت کی یادداشتوں پر بھی دستخط کیے سائی ٹیک طلبہ کو اسکول کے ابتدائی منصوبے سے لے کر جامعہ میں تیار کیے گئے عملی نمونے تک، اپنے خیالات کو حقیقی مسائل کے حل میں ڈھالنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔تعلیمی اداروں، صنعت اور حکومت کی مشترکہ شرکت سے جدت واختراع کو فروغ ملتا ہے، صنعت اور تعلیمی اداروں کے روابط مضبوط ہوتے ہیں اور طلبہ کو اپنی صلاحیتوں کے عملی استعمال کو سمجھنے کا موقع ملتا ہے اختتامی تقریب کی مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محترمہ سارہ تواب تھیں۔انہوں نے نمائش کا دورہ کیا، جس کے بعد اختتامی تقریب کا آغاز تلاوتِ کلام پاک اور قومی ترانے سے ہوا۔مہمان خصوصی اور وائس چانسلر نے شرکا سے خطاب کیا، جبکہ طلبہ نے تقریب میں شرکت کے اپنے تجربات بیان کیے۔اسکول، کالج اور جامعہ کی ہر سطح پر پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والی ٹیموں کو شیلڈز، اسناد اور نقد انعامات دیے گئے۔ وائس چانسلر نے مہمان خصوصی کو یادگاری تحفہ پیش کیا، جبکہ دیگر معزز مہمانوں کو یادگاری شیلڈز دی گئیں۔تقریب کا اختتام اجتماعی تصویر کے ساتھ ہوا جامعہ نے انعام یافتہ ٹیموں کو مبارکباد دی اور سائی ٹیک 2026 کے انعقاد میں تعاون اور شرکت پر طلبہ، تعلیمی اداروں، صنعتی شراکت داروں، سرکاری محکموں اور شہریوں کا شکریہ ادا کیا

بقیہ نمبر 5

میں مبینہ طور پر ایک ایسے مقام پر موجودگی کی اطلاع سامنے آئی ہے جہاں غیر اخلاقی سرگرمیوں کا شبہ ظاہر کیا جارہا ہے۔ذرائع کا دعویٰ ہے کہ مذکورہ اہلکار پولیس یونیفارم میں وہاں موجود تھا، تاہم اس حوالے سے گرفتاری، کسی باقاعدہ کارروائی یا واقعے کی اصل صورتحال کی آزادانہ تصدیق نہیں ہوسکی۔ پولیس حکام کا موقف سامنے آنے کے بعد ہی معاملے کی مزید تفصیلات واضح ہوسکیں گی

بقیہ نمبر 6

ہے، آپ لوگ بجٹ میں کوئی تبدیلی یا بہتری چاہتے ہیں تو اپنی تجاویز کچھ مہینے پہلے ہمیں بھیجیں کیونکہ مارچ میں بجٹ کی ورکنگ شروع ہوجاتی ہے، آپ لوگ ہم سے ملاقات کیلئے جون میں آتے ہیں، جب تک بجٹ بن چکا ہوتا ہے، بجٹ سے چند ماہ پہلے ہمیں بتائیں کہ کن معاملات میں آپ ترمیم چاہتے ہیں اور حکومت کو پروپوزل دے سکتے ہیں، ان کا کہنا تھا کہ ہماری کئی سفارشات ہر سال منظور ہوجاتی ہیں، اس کیلئے چیمبر کا ہی ایک تھنک ٹینک بنائیں جو بجٹ سے متعلق کام کرے، بجٹ پروپوزل اور بجٹ کا تجزیہ کریں اور ہمیں پیش کریں تاکہ بجٹ سے قبل ہونے والے حکومتی اجلاسوں میں ہم وہاں ان تجاویز پر بات کرسکیں اور بجٹ میں آپ کی نمائندگی بھی ہوسکے، بجٹ آنے کے بعد اس میں ترامیم کرنا مشکل ہے۔انہوں نے کہا کہ پچھلے برس کی قائمہ کمیٹی کی کارکردگی رپورٹ بھی تمام متعلقہ اداروں اور محکموں کو بھیجی ہے، ہم نے ترسیلات زر کا اقدام 2010 میں اٹھایا، یہ صدر مملکت کا حکم تھا کہ ہم پاکستان ریمٹنس انیشیٹیو لائیں تاکہ ترسیلات زر بڑھیں، اس اقدام کے مثبت نتائج آئے، ترسیلات زر 20 ارب ڈالر تھیں جو اب بڑھ کر کافی زیادہ ہوگئی ہیں، اس میں ایک فارمولا رکھا تھا کہ ہر 300 ڈالر جو بھی بھیجے گا اس کو ہم چارج نہیں کریں گے، وقت گزرنے کے ساتھ ترسیلات زر 40 ارب ڈالر ہوگئیں اور بے آؤٹ 120 ارب روپے ہوگیا، اسٹیٹ بینک کے ذریعے سالانہ 120 ارب ڈالر کا حکومتی خسارہ ختم کیا۔سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے بتایا کہ صارفین کے زیر استعمال ویزا اور ماسٹر کارڈ پر روپے میں ٹرانزیکشنز کرنے پر بھی ویزا اور ماسٹر کارڈ کو ڈالر میں فیس ادا ہوتی ہے، اگر ملک کی سالانہ ٹرانزیکشن 2 سے 4 کھرب روپے ہے تو ویزا اور ماسٹر کارڈ کو 300 سے 400 ملین ڈالر سالانہ ادائیگی ہورہی تھی، یہ رقم پاکستان سے باہر جارہی تھی، ہم نے ریسرچ کی کہ دوسرے ملکوں میں کیا ہوتا ہے، چین میں مقامی کرنسی کی ٹرانزیکشن پر کسی بھی کارڈ کمپنی کو بیرون ملک رقم نہیں جاسکتی، ترکیے میں بھی یہی ہوتا ہے، اسٹیٹ بینک کو آگاہ کیا اور اب پاکستان میں ویزا اور ماسٹر کارڈ پر روپے کی ٹرانزیکشنز پر ان کمپنیز کو کوئی فیس ادا نہیں ہوتی، اس طرح ہم نے ملک کا زرمبادلہ بچایا

بقیہ نمبر 7

کی تقریب منعقد ہوئی جس میں ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز محمد جواد طارق اور ڈی آئی جی لاء اینڈ آرڈر محمد عتیق طاہر سمیت دیگر سینئر پولیس افسران نے شرکت کی۔ تقریب میں ترقی پانے والے اہلکاروں کے اہلخانہ کو بھی مدعو کیا گیا جنہوں نے اپنے پیاروں کی کامیابی پر خوشی کا اظہار کیا۔اسلام آباد پولیس کے مطابق اس سے قبل 702 افسران و اہلکاروں کو مختلف عہدوں پر ترقی دی جاچکی ہے جبکہ حالیہ ترقیوں کے بعد ترقی پانے والوں کی مجموعی تعداد 905 ہوگئی ہے۔سینئر پولیس افسران نے ترقی پانے والوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ محکمانہ ترقی اہلکاروں کی محنت اور پیشہ ورانہ خدمات کا اعتراف ہے۔ترقی کے ساتھ ذمہ داریوں میں بھی اضافہ ہوتا ہے لہٰذا افسران پہلے سے زیادہ محنت، دیانت داری اور فرض شناسی کے ساتھ فرائض انجام دیں۔انہوں نے کہا کہ اہل افسران و اہلکاروں کو میرٹ اور قواعد وضوابط کے مطابق ترقی دینا اسلام آباد پولیس کی ترجیحات میں شامل ہے۔ترقی پانے والے افسران شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کے لیے مزید بہتر انداز میں اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔

بقیہ نمبر 8

کالعدم قرار دے دیا، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کے احکامات پر دونوں ملازمین کو بطور پمپ ڈرائیور سکیل 05 اور پمپ ڈرائیور سکیل 03 میں بحال کرنے کے احکامات جاری کردیئے گئے۔

بقیہ نمبر 9

کیا جائے، منصوبے میں تاخیر کرنے والوں سے جواب طلب کیا جائے اور شہریوں کی صحت سے کھیلنے والے عناصر کو چوراہے پر سرعام عبرتناک سزا دی جائے۔اسلام آباد: لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کے دفتر میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت بورڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر شاہد امین نے کی۔ اجلاس میں آل پاکستان جمعیت القریش میٹ ویلفیئر ایسوی ایشن کے صدر اور ممبر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ خورشید احمد قریشی، ممبر بورڈ آف ڈائریکٹرز جناب جمیل میمن، جمعیت القریش میٹ ویلفیئر ایسوی ایشن کے جنرل سیکرٹری و نائب صدر اسلام آباد چیمبر آف سال ٹریڈرز اینڈ سال انڈسٹریز سردار ظہیر احمد، ڈاکٹر یاسر اور ڈاکٹر طاہر نے شرکت کی۔اجلاس میں اسلام آباد میں جدید ترین اسٹیٹ آف دی آرٹ سلاٹر ہاؤس کی تعمیر کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر خورشید احمد قریشی نے سوال اٹھایا کہ جب سی ڈی اے کے ماسٹر پلان میں اسلام آباد کے سیکٹر آئی الیون فور (I-11/4) میں سلاٹر ہاؤس کی تعمیر شامل ہے تو پھر اس اہم منصوبے پر عمل درآمد کیوں نہیں کیا جارہا؟ منصوبے میں مسلسل تاخیر کی وجوہات کیا ہیں اور اس کی راہ میں رکاوٹیں پیدا کرنے والے عناصر کون ہیں؟ انہوں نے مطالبہ کیا کہ منصوبے میں تاخیر کے ذمہ داران کا تعین کیا جائے، ان سے جواب طلب کیا جائے اور غیر ضروری تاخیری حربوں کا فوری سدباب کیا جائے۔خورشید احمد قریشی نے کہا کہ اسلام آباد کے تقریباً 30 لاکھ شہریوں کو صاف، معیاری، محفوظ اور تصدیق شدہ حلال گوشت کی فراہمی ان کا بنیادی حق ہے۔ افسوس ناک امر یہ ہے کہ شہر میں مردہ جانوروں، حرام جانوروں اور مضر صحت گوشت کی فروخت کے واقعات مسلسل تشویش کا باعث بن رہے ہیں۔ گزشتہ روز بھی فوڈ اتھارٹی کی کارروائی کے دوران اطلاعات کے مطابق تقریباً 800 کلوگرام مضر صحت، مردہ اور حرام جانوروں کا گوشت جبکہ بعض زندہ حرام جانور بھی برآمد کیے گئے۔ یہ واقعات متعلقہ اداروں کی کارکردگی اور موجودہ نظام پر سنجیدہ سوالات اٹھاتے ہیں۔انہوں نے صدر مملکت جناب آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان جناب میاں محمد شہباز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ جناب سید محسن نقوی سے پرزور مطالبہ کیا کہ اسلام آباد کے سیکٹر آئی الیون فور میں سی ڈی اے کے ماسٹر پلان کے مطابق فوری طور پر جدید ترین اسٹیٹ آف دی آرٹ سلاٹر ہاؤس تعمیر کیا جائے، جہاں جانوروں کی طبی جانچ، حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق ذبح، گوشت کی مکمل تصدیق، صفائی ستھرائی اور سرکاری نگرانی میں گوشت کی ترسیل کا باقاعدہ نظام موجود ہو۔خورشید احمد قریشی نے مزید کہا کہ جو عناصر مردہ جانوروں، حرام گوشت اور مضر صحت گوشت کی خرید وفروخت میں ملوث ہیں، انہیں کسی صورت رعایت نہ دی جائے۔ایسے عناصر کے خلاف فوری مقدمات درج کرکے سخت ترین قانونی کارروائی کی جائے اور انہیں چوراہے پر سرعام عبرتناک سزا دینے کا مطالبہ کرتے ہیں تاکہ آئندہ کوئی شہریوں کی صحت اور زندگیوں سے کھیلنے کی جرأت نہ کر سکے۔ اس کے ساتھ ساتھ متعلقہ محکموں کے ان افسران اور اہلکاروں کا بھی احتساب کیا جائے جو اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں غفلت یا لاپرواہی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جب تک اسلام آباد میں جدید ترین اسٹیٹ آف دی آرٹ سلاٹر ہاؤس قائم نہیں کیا جاتا، غیر قانونی ذبح، مردہ جانوروں کے گوشت کی فروخت اور غیر معیاری گوشت کی سپلائی جیسے واقعات پر مستقل قابو پانا مشکل رہے گا۔ان واقعات کے سدباب کا واحد مؤثر اور دیرپا حل آئی الیون فور میں جدید سلاٹر ہاؤس کا قیام ہے۔حکومت اس اہم عوامی منصوبے کو مزید تاخیر کا شکار کرنے کے بجائے فوری طور پر عملی جامہ پہنائے تاکہ اسلام آباد کے 30 لاکھ شہریوں کو محفوظ، صاف، معیاری اور تصدیق شدہ حلال گوشت کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے

بقیہ نمبر 10

روزگار اور فلاح وبہبود کے لیے خطرہ اور علاقائی امن واستحکام کے منافی ہے۔

بقیہ نمبر 11

اتھارٹی کے تعاون سے غیر معیاری پانی کی فراہمی اور حفظان صحت کے ناقص انتظامات پر ایک منرل واٹر پلانٹ سیل کر دیا گیا مذکورہ پلانٹ کو اصلاحی اقدامات کے لیے پہلے بھی دو مرتبہ وارننگ جاری کی گئی تھی، تاہم پانی کے نمونوں کی لیبارٹری رپورٹ غیر تسلی بخش اور مقررہ معیار کے مطابق نہ ہونے پر انتظامیہ نے کارروائی کرتے ہوئے پلانٹ کو سربمہر کردیا۔ حکام کے مطابق شہریوں کو صاف، محفوظ اور معیاری پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے غیر معیاری پانی فراہم کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی

بقیہ نمبر 12

پیش آئی جہاں دکان کے مالک ناصر محمود نے پولیس کو بتایا کہ صبح دکان پر پہنچے پر تالے ٹوٹے ہوئے پائے، اندر سامان کی پڑتال کی تو تقریباً 80 ہزار روپے مالیت کا سامان غائب تھا جسے نامعلوم چور رات کی تاریکی میں لے گئے۔ چوری کی دوسری واردات چھپال راجگان میں دربار سید بابا فقیر شاہ بخاری پر ہوئی جہاں دربار کے متولی ضیغم اعجاز کے مطابق وہ رات کو دربار کو تالے لگا کر گھر چلے گئے تھے، تاہم صبح واپسی پر بورنگ سے پانی کی موٹر بمعہ تار غائب پائی جبکہ رسی اور پائپ موقع پر پڑے ہوئے تھے، چوری ہونے والی موٹر کی مالیت تقریباً 50 ہزار روپے بتائی گئی ہے۔ گوجر خان پولیس نے دونوں واقعات کے الگ الگ مقدمات درج کرکے نامعلوم ملزمان کی تلاش اور مزید قانونی کارروائی شروع کردی ہے۔

بقیہ نمبر 13

اور کثیر الجہتی تعاون" کے عنوان سے اسٹریٹ کام پبلک فورم کا انعقاد کیا۔اپنے افتتاحی کلمات میں، چیئرمین بورڈ آف گورنرز آئی ایس ایس آئی سفیر خالد محمود نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان گہرے تاریخی، ثقافتی اور اسٹریٹجک تعلقات کو اجاگر کیا، اور دفاع، سلامتی، تجارت، ٹیکنالوجی اور علاقائی رابطہ کاری میں تعاون کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ علاقائی امن، استحکام اور متوازن بین الاقوامی نظام کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ پاکستان میں ترکیہ کے سفیر، سفیر عرفان نزیر اوغلو نے دوطرفہ تعلقات کی بنیاد بننے والے عوام سے عوام کے منفرد تعلقات پر زور دیا۔ انہوں نے غلط معلومات کا مقابلہ کرنے، معلوماتی لچک کو مضبوط بنانے اور بڑھتے ہوئے تجارتی تعلقات اور پاکستان میں ترک سرمایہ کاری سے پیدا ہونے والے مواقع سے استفادہ کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ جمہوریہ ترکیہ کے ایوان صدر کے سربراہ مواصلات، پروفیسر ڈاکٹر برہان الدین دوران نے جغرافیائی سیاسی اور تکنیکی تبدیلیوں کے درمیان اسٹریٹجک مواصلات کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے غلط معلومات اور ڈیجیٹل ہیرا پھیری سے پیدا ہونے والے چیلنجز کو نمایاں کیا، اور بین الاقوامی تعاون، معلوماتی سالمیت اور عوامی اعتماد پر زور دیا، جبکہ مکالمے اور معاشرتی لچک کو فروغ دینے میں اسٹریٹ کام سربراہی اجلاس کے کردار کو بھی اجاگر کیا۔اس کے بعد ایک پینل مباحثہ ہوا، جس کی نظامت ترک نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبر، ڈاکٹر حیاتی اونلو نے کی۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات، عطاء اللہ تارڑ نے دیرینہ پاکستان۔ترکیہ شراکت داری کو اجاگر کیا اور غلط معلومات اور ڈیجیٹل خطرات کا مقابلہ کرنے کے لیے اسٹریٹجک مواصلات میں ادارہ جاتی تعاون کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے دوطرفہ اسٹریٹجک مواصلات کے معاہدے اور حکومتی اداروں، تعلیمی اداروں اور تھنک ٹینکس پر مشتمل مشترکہ ورکنگ گروپ کی تجویز دی۔ترکیہ کے سابق وزیر قومی دفاع، فکری اشک نے ہائبرڈ خطرات، سائبر حملوں اور تکنیکی مسابقت کے خلاف دوطرفہ تعاون کو تیز کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے روایتی دفاعی تعاون سے آگے بڑھ کر مشترکہ تحقیق، ترقی و پیداوار کی جانب بڑھنے کا مطالبہ کیا، ساتھ ہی مضبوط ادارہ جاتی میکانزم اور جامع علاقائی سلامتی شراکت داری پر بھی زور دیا۔ترکیہ کے رکن پارلیمنٹ اور یورپی یونین ہم آہنگی کمیٹی کے چیئرمین، برہان کایاتورک نے دونوں ممالک کے درمیان تاریخی تعلقات اور باہمی یکجہتی کو نمایاں کیا۔ انہوں نے زیادہ معاشی تعاون کا مطالبہ کیا، جس میں 5 ارب ڈالر کے دوطرفہ تجارتی ہدف کا حصول شامل ہے، اور علاقائی سلامتی اور اجتماعی سلامتی شراکت داری کو مضبوط بنانے میں مکہ معاہدے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔سیکرٹری وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن، جناب زرار ہاشم خان نے سائبر حملوں، غلط معلومات اور اہم معلوماتی انفراسٹرکچر کی کمزوریوں سے پیدا ہونے والے ابھرتے ہوئے خطرات کو اجاگر کیا۔ انہوں نے دوطرفہ معاہدے کے ذریعے پاکستان۔ترکیہ سائبر سیکیورٹی تعاون کو ادارہ جاتی شکل دینے، ڈیجیٹل رابطہ کاری اور انفراسٹرکچر کی لچک کو مضبوط بنانے، اور مکالمے و رابطہ کاری کے لیے مستقل میکانزم قائم کرنے پر زور دیا۔جمہوریہ ترکیہ کے ایوان صدر کی سیکیورٹی و خارجہ پالیسی کونسل کے رکن، پروفیسر محی الدین عطامان نے پاکستان اور ترکیہ کو ابھرتے ہوئے علاقائی سلامتی کے ڈھانچے کے کلیدی ستون قرار دیا۔ انہوں نے علاقائی اقدامات، جن میں مکہ معاہدہ بھی شامل ہے، کو اجاگر کیا اور علاقائی چیلنجز سے نمٹنے اور دیرپا امن و استحکام کو فروغ دینے کے لیے علاقائیت، خودمختاری، اسٹریٹجک خودمختاری اور علاقائی ملکیت کو ناگزیر قرار دیا۔اس سے قبل، "بدلتے ہوئے علاقائی سلامتی کے ڈھانچے میں ترکیہ اور پاکستان: عالمی بحرانوں کے دور میں اسٹریٹجک تعاون" کے عنوان سے ایک بند کمرہ اسٹریٹ کام گول میز کانفرنس منعقد ہوئی، جس میں دونوں ممالک کے سینئر پالیسی سازوں، سفارت کاروں، سلامتی ماہرین اور ماہرین تعلیم نے شرکت کی۔اپنے افتتاحی کلمات میں، جمہوریہ ترکیہ کے ایوان صدر کے ڈپٹی ہیڈ آف کمیونیکیشنز، پروفیسر فرحت پیرینچی نے ہائبرڈ خطرات، سائبر حملوں، دہشت گردی اور غلط معلومات کے خلاف بہتر تعاون پر زور دیا۔ڈائریکٹر جنرل آئی ایس ایس آئی سفیر معین الحق نے دیرینہ اسٹریٹجک شراکت داری کو اجاگر کیا اور دفاع، ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز اور انسداد دہشت گردی میں زیادہ تعاون کا مطالبہ کیا۔ ڈائریکٹر کیمیا ڈاکٹر آمنہ خان نے مباحثے کی نظامت کی اور بدلتی ہوئی علاقائی سلامتی کی صورتحال کے درمیان مسلسل مکالمے، قریبی رابطہ کاری اور مضبوط پاکستان۔ترکیہ تعاون کی ضرورت کو اجاگر کیا

بقیہ نمبر 14

دوخواتین شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق جنڈی موڑ کے علاقے میں مبینہ طور پر غیر اخلاقی سرگرمیوں کے اڈے کی اطلاع موصول ہوئی تھی جس پر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ واقعے کا مقدمہ درج کیا جارہا ہے جبکہ حکام کا کہنا ہے کہ معاملے کی میرٹ پر شفاف تفتیش کرتے ہوئے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے اور ملزمان کو چالان عدالت کیا جائے گا۔ راولپنڈی پولیس کے مطابق محکمہ میرٹ، شفافیت اور خوداحتسابی کی پالیسی پر عمل پیرا ہے اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والے کسی بھی اہلکار یا شخص کے خلاف بلاامتیاز کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 15

اور سائبر کرائم سے متعلق معاملات میں معاونت حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔شہری اپنی شکایات کے اندراج اور معاونت کے لیے این سی سی آئی اے کی ہیلپ لائن 1799 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ ڈی جی این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی کا کہنا ہے کہ شہریوں کی شکایات سننا اور ان کے مسائل کا بروقت ازالہ کرنا ادارے کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اسی کچہری کا مقصد عوام اور ادارے کے درمیان براہ راست رابطے کو فروغ دینا اور شہریوں کو سہولت فراہم کرنا ہے

بقیہ نمبر 16

اٹھاتے ہوئے ایل پی جی فروخت کرنے والے بعض گراں فروش ریٹیلرز ودوکانداروں نے سرکاری ریٹ وحکومتی احکامات کو روندتے ہوئے ایل پی جی گیس کی فی کلو 650 روپے سے زیادہ خود ساختہ قیمت وصول کرنے کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے جبکہ سرکاری ریٹ 294 روپے فی کلو مقرر ہے مگر کسٹمر سے ڈبل ٹرپل ریٹ کی وصولی جاری ہے جو ظلم وناانصافی ہے مانسہرہ کے شہری عوامی وسماجی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ مانسہرہ سے اصلاح احوال وسرکاری رٹ قائم کرنے کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ نمبر 17

پٹرول ایجنسیوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تھاکھی کے علاقے سے رحیم یونس جبکہ صندل روڈ پر کارروائی کے دوران مانسہرہ کے رہائشی حماد کو گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق دونوں افراد بغیر قانونی اجازت اور لائسنس کے کھلے عام پٹرول فروخت کر رہے تھے، جن کے قبضے سے مجموعی طور پر 10 لیٹر پٹرول برآمد ہوا۔ پولیس نے دونوں ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے قانونی کارروائی شروع کردی ہے۔

بقیہ نمبر 18

کیا، جہاں انہیں ایوان بالا کے اجلاس اور پارلیمانی کارروائی کے طریقہ کار کے بارے میں معلومات فراہم کی گئیں۔ وفد کو ایوان بالاء کے قانون سازی کے عمل اور کام کے طریقہ کار بارے جامع بریفنگ بھی دی گئی۔ بعد ازاں وفد نے کلی دستور کا بھی دورہ کیا اور پاکستان کی آئینی تاریخ، جمہوری جدوجہد اور دستور کی اہمیت سے متعلق آگاہی حاصل کی۔ وفد نے دورے کو انتہائی معلوماتی اور مفید قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس دورے کے دوران انہیں پارلیمانی نظام، جمہوری روایات اور سینیٹ کے قانون سازی میں کردار سے متعلق مختلف امور کو سمجھنے کا موقع میسر آیا ہے

بقیہ نمبر 19

سہیل اشرف کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ F-7 مرکز، جناح سپر مارکیٹ سمیت مختلف مراکز کی اپ لفٹنگ اور بیوٹیفکیشن کے کام تیزی سے جاری ہیں اور جناح سپر مارکیٹ میں بھٹائی روڈ تک کی اپ لفٹنگ کا کام مکمل کرلیا گیا ہے جبکہ اپ لفٹنگ کا باقی ماندہ کام بھی جلد ہی مکمل کرلیا جائیگا۔ چیئرمین سی ڈی اے کو بتایا گیا کہ فٹ پاتھوں اور واک ویز پر از سرنو خوبصورت ٹف ٹائلز نصب کی جارہی ہیں اور مکمل شدہ فٹ پاتھوں پر بجلی کے خوبصورت پولز و دیدہ زیب لائٹس بھی نصب کی جارہی ہیں۔ اسی طرح F-7 مرکز، جناح سپر مارکیٹ سے ملحقہ اوپن جگہوں پر دیدہ زیب لینڈ سکیپنگ اور ہارٹیکلچر ورک بھی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 20

ہے جنہوں نے کسٹمر سروس اور آپریشنل کارکردگی کے میدان میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ ایمریٹس نے 'بیسٹ ویلیو' اور 'بزنس ٹریول' کیٹیگریز میں بھی پہلی پوزیشن حاصل کی، جبکہ دیگر کئی کیٹیگریز میں بھی نمایاں مقام حاصل کیا۔ ایمریٹس ایئرلائن کے صدر سر ٹم کلارک نے کہا: "اس سال درپیش چیلنجز کے باوجود ہم نے اپنی تقریباً ہر سروس اور سہولت میں مصنوعات اور خدمات کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے سرمایہ کاری جاری رکھی ہے۔ ہم اپنی اس توجہ کو برقرار رکھیں گے کیونکہ TIME کی اس اعلیٰ درجہ بندی سے ظاہر ہوتا ہے کہ جب کوئی ایئرلائن بنیادی سہولیات اور خدمات کے معیار کو یقینی بناتی ہے تو مسافر اس کا نوٹس لیتے ہیں۔ ایمریٹس کے تجربے کو فضاؤں میں اور زمین پر عملی شکل دینے والے ہمارے ملازمین اس کامیابی کا بڑا سہرا ہیں۔ ان کی پیشہ ورانہ مہارت اور لگن ہی وہ خصوصیات ہیں جن کا ہمارے مسافر روزانہ تجربہ کرتے ہیں۔ ہمارے کاروبار میں کامیابی کی کوئی آخری منزل نہیں، اور ہم پہلے ہی 2027 اور اس کے بعد کے لیے مزید بہتر کارکردگی کی تیاری کر رہے ہیں۔ لہٰذا، آپ ایمریٹس سے مزید بہتر خدمات کی توقع رکھ سکتے ہیں۔" Statista R کے ڈپٹی چیف ایگزیکٹو آفیسر فیلکس ٹرفیئر نے کہا: "اس سال ایمریٹس کے نتائج اپنی مستقل مزاجی کے اعتبار سے نمایاں ہیں۔ دنیا کی بہترین ایئرلائنز کی مجموعی فہرست میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ 'بیسٹ ویلیو' اور 'بزنس ٹریول' کیٹیگریز میں بھی سرفہرست رہنا مسافروں کے تجربے اور آپریشنل اعتبار سے قابل اعتماد کارکردگی، دونوں شعبوں میں اس کی مضبوط کارکردگی کو ظاہر کرتا ہے۔ ہماری درجہ بندی کے یہ دو بنیادی ستون ہیں۔ یہ کامیابی دنیا بھر کے مسافروں کی براہ راست رائے اور پروازوں کی کارکردگی سے متعلق آزادانہ اعداد و شمار کی بنیاد پر حاصل کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 21

کرائسٹ چرچ گرین ٹاؤن کے بشپ ڈاکٹر ایم ایم وقاص سے بشپ ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران گرین ٹاؤن کی مسیحی برادری کو قبرستان کے لیے مناسب جگہ کی عدم دستیابی کے باعث درپیش مشکلات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر شرکاء نے کہا کہ گرین ٹاؤن کے مسیحیوں کا یہ دیرینہ اور بنیادی مطالبہ ہے کہ انہیں اپنے پیاروں کی تدفین کے لیے جلد از جلد مناسب جگہ الاٹ کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ قبرستان کی سہولت نہ ہونے کے باعث مسیحی خاندانوں کو انتہائی اذیت ناک صورت حال کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ عزیز و اقارب کی وفات کا صدمہ پہلے ہی ناقابل برداشت ہوتا ہے، لیکن اس پر مستزاد یہ کہ لواحقین کو اپنے پیاروں کی تدفین کے لیے جگہ تلاش کرنے کی ایک نئی پریشانی سے بھی گزرنا پڑتا ہے۔ یہ صورت حال سوگوار خاندانوں کے دکھ اور ذہنی اذیت میں مزید اضافہ کردیتی ہے

بقیہ نمبر 22

سے کوہستان تک مکمل صوبہ ہزارہ کے قیام کا مطالبہ دہراتے ہوئے آئندہ کے لائحہ عمل کی تیاری کے لیے 30 نومبر کو ایبٹ آباد میں سپریم کونسل کا اہم اجلاس طلب کرلیا ہے۔ اس سلسلے میں صوبہ ہزارہ تحریک کا ہنگامی مشاورتی اجلاس چیئرمین تحریک سردار محمد یوسف کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں بریگیڈیئر شہزاد اعوان، سردار شاہ جہان یوسف، مرکزی کوینئر پروفیسر سجاد قمر، سردار ظہور احمد، عبدالواحد قریشی، فاروق مغل اور سردار اویس سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ملک میں نئے صوبوں کے قیام سے متعلق پیش رفت، مختلف افواہوں اور ہزارہ کے عوام میں پائی جانے والی تشویش پر تفصیلی غور کیا گیا۔ مرکزی کوینئر پروفیسر سجاد قمر کے مطابق اجلاس کے شرکاء نے نئے صوبوں کے قیام کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ یہ پیش رفت صوبہ ہزارہ تحریک کی گزشتہ سولہ سال سے جاری بے مثال، پرامن اور جمہوری جدوجہد کا نتیجہ ہے۔

بقیہ نمبر 23

آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ شہری براہ راست کھلی کچہری میں شرکت کرکے اپنے مسائل پیش کر سکتے ہیں جبکہ ڈی آئی جی آفس میں روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری منعقد کی جارہی ہے۔

بقیہ نمبر 24

سنٹر بنایا گیا تھے میں پیپر دے رہی تھیں کے والد راجہ ظہیر حسین نے اڈیالہ پریس کلب کے صحافیوں کو بتایا کہ چکری روڈ کی تعمیر نو کے باعث ٹریفک بلاک ہونے کے باعث متعدد طالبات لیٹ ہوگئیں تھیں جنہیں سپریڈنٹ علی خان نے انہیں کمرہ امتحان میں نہ بیٹھنے دیا

بقیہ نمبر 25

1060/1068 میں حصہ صرف 2 کنال اور 3 مرلہ ہے جبکہ اس نے محکمہ مال سے مل کر 23 کنال 13 مرلے کی رجسٹری بنا کر غلام شبیر نامی شخص کو فروخت کر دی مسعود ولد خوشحال کے ہمراہ اس کا بھتیجا قمر بھی پیش پیش رہا۔ بعدازاں جب دیگر وارثان کو علم ہوا تو انہوں نے متعلقہ فورمز پر شکایات درج کرا دیں۔ حفیظ الرحمان ولد محمد اشرف ساکن موڑی نے محتسب اعلیٰ کو باقاعدہ درخواست جمع کرا دی جس میں کہا گیا ہے کہ مسعود نامی شخص نے فراڈ کے ذریعے ان کی زمین فروخت کردی ہے۔ بعد ازاں اے ڈی سی آر مری کو بھی درخواست دی گئی جو مزید انکوائری کیلئے اسسٹنٹ کمشنر کوٹلی ستیاں کو بھیج دی گئی ہے متاثرین نے مزید انکشاف کیا ہے کہ ملزم نے وہاں بنے گھر پر قبضہ کیلئے وہاں افغان کو آباد کر دیا ہے جو علاقہ میں مختلف جرائم میں بھی ملوث ہیں۔ متاثرین نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور دیگر متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ رجسٹری کینسل کر کے غریب لوگوں کی زمین ان کو واپس دلائی جائے اور فراڈ کرنے والے مسعود اور قمر نامی افراد کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔

بقیہ نمبر 26

کے علاج کے لیے مریضوں کی ویٹنگ لسٹ میں واضح کمی آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کی دل کی سرجری کے پروگرام کے تحت اب تک 17 ہزار 262 سے زائد بچوں کی مفت سرجری کی جا چکی ہے جبکہ مختلف صوبوں اور علاقوں سے تعلق رکھنے والے بچوں کو بھی اس سہولت سے مستفید کیا گیا ہے

بقیہ نمبر 27

وبہبود، سماجی تحفظ اور حقوق کے حوالے سے پاکستان کا موقف پیش کیا۔ اپنے خطاب میں سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ ذوالفقار احمد نے کہا کہ بیرون ملک روزگار کے لیے جانے والے پاکستانی محنت کشوں کی فلاح وبہبود اور سماجی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے موجودہ نظام کو مزید وسعت دینے اور ایک جامع سوشل پروٹیکشن فریم ورک تشکیل دینے کی ضرورت ہے۔ اوورسیز پاکستانی ورکرز کا تحفظ صرف موت اور معذوری کی صورت میں مالی معاونت تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ انہیں صحت، پنشن، بے روزگاری، ریٹائرمنٹ اور دیگر ہنگامی حالات میں بھی مؤثر تحفظ فراہم کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اوورسیز پاکستانیوں کی فلاح و بہبود کے لیے اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن (OPF) اور لازمی انشورنس کا نظام موجود ہے، تاہم بدلتے ہوئے تقاضوں کے پیش نظر اس نظام کو مزید جامع اور مؤثر بنانے کی ضرورت ہے۔ ذوالفقار احمد نے مجوزہ مائیگرنٹ ورکرز پروٹیکشن فنڈ کے قیام کو ایک اہم پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس فنڈ کے ذریعے بیرون ملک کام کرنے والے پاکستانیوں کے لیے ایک ایسا جامع سماجی تحفظ کا نظام تشکیل دیا جا سکتا ہے جس میں ورکرز، آجر اور متعلقہ ادارے اپنا کردار ادا کریں۔ اس نظام میں پنشن، ریٹائرمنٹ فوائد، صحت کی سہولیات، بے روزگاری انشورنس، موت و معذوری کی صورت میں مالی تحفظ اور ورکرز کے بچوں کے لیے تعلیمی معاونت جیسے اقدامات شامل ہونے چاہئیں۔ سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ نے کہا کہ اوورسیز پاکستانی ورکرز اور ان کے خاندانوں کو فلاحی سہولیات کی فراہمی کے لیے مختلف اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری ناگزیر ہے۔ اس مقصد کے لیے اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن، ورکرز ویلفیئر فنڈ، بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ اور وزارت اوورسیز پاکستانیز کے درمیان مربوط نظام اور مشترکہ ڈیٹا بیس قائم کیا جانا چاہیے تاکہ مستحق ورکرز اور ان کے اہل خانہ کو بروقت سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ بیرون ملک دوران ملازمت کسی پاکستانی ورکر کی وفات یا معذوری کی صورت میں اس کے خاندان کو مالی معاونت کے حصول کے لیے پیچیدہ طریقہ کار سے نہ گزرنا پڑے۔ دعووں کے اندراج اور ان کی پیش رفت جاننے کے لیے آسان، شفاف اور ڈیجیٹل نظام متعارف کرایا جانا چاہیے۔ ذوالفقار احمد نے کہا کہ بیرون ملک سے وطن واپس آنے والے پاکستانی ورکرز کی مہارتوں اور تجربے سے قومی معیشت کو فائدہ پہنچانے کے لیے بھی مؤثر حکمت عملی اپنانا ضروری ہے۔ ان کے بیرون ملک حاصل کردہ تجربے اور فنی مہارتوں کی تصدیق و سرٹیفکیشن، مقامی صنعتوں میں روزگار کے مواقع اور کاروبار کے فروغ کے لیے معاونت فراہم کی جانی چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کو مختلف ممالک کے ساتھ دوطرفہ لیبر اور سوشل سیکیورٹی معاہدوں میں پنشن اور سماجی تحفظ کے فوائد کی منتقلی کو بھی شامل کرنا چاہیے تاکہ پاکستانی ورکرز کی بیرون ملک جمع شدہ پنشن اور دیگر سماجی تحفظ کے حقوق وطن واپسی یا ملازمت کی تبدیلی کی صورت میں بھی محفوظ رہیں۔ سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ نے کہا کہ ورکرز ویلفیئر فنڈ اپنے وسیع ادارہ جاتی تجربے، فلاحی خدمات کے نظام اور مالی استعداد کے ذریعے مجوزہ مائیگرنٹ ورکرز پروٹیکشن فریم ورک کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ تاہم اس حوالے سے کسی بھی ممکنہ اشتراک کے لیے قانونی، مالی اور ادارہ جاتی پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ ضروری ہوگا، جبکہ ورکرز ویلفیئر فنڈ کے موجودہ قانونی فرائض اور محنت کشوں کے لیے مختص وسائل کا تحفظ بھی یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے اسلام آباد میں گلوبل اسکلز پارٹنرشپ کے لیے ایک dedicated اور بااختیار سیکرٹریٹ قائم کرنے کی تجویز بھی پیش کی، جو عالمی لیبر مارکیٹ کی ضروریات، ہنرمندی کی ترقی، بین الاقوامی سرٹیفکیشن اور بیرون ملک روزگار کے مواقع کے حوالے سے متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ کاری اور مؤثر عمل درآمد کو یقینی بنائے۔ اپنے خطاب کے اختتام پر ذوالفقار احمد نے کہا کہ پاکستان کا مقصد صرف اپنے شہریوں کو بیرون ملک روزگار کے مواقع فراہم کرنا نہیں بلکہ ان کی روانگی سے لے کر دوران ملازمت، ریٹائرمنٹ اور وطن واپسی کے بعد دوبارہ معاشی وسماجی بحالی تک ہر مرحلے پر ان کا تحفظ یقینی بنانا ہونا چاہیے۔ ایک مربوط اور جامع نظام کے ذریعے ہی پاکستانی محنت کشوں اور ان کے خاندانوں کو حقیقی معنوں میں سماجی تحفظ فراہم کیا جاسکتا ہے

بقیہ نمبر 28

درمیان باہمی مشاورت کے بعد مشترکہ طور فیصلہ کیا گیا ہے حالیہ دنوں سوئی گیس کم پریشر وجوہات کے پیش نظر سی این جی اسٹیشن ہفتہ بھر میں ایک دن رضا کارانہ بند رہیں گے جس کے مطابق آج بروز جمعۃ المبارک مانسہرہ ایبٹ آباد اور ہری پور سمیت ہزارہ بھر میں تمام سی این جیز 24 گھنٹوں کیلئے بند رہیں گے جبکہ ہفتہ کے باقی چھ دنوں میں تمام سی این جی اسٹیشنز سوئی نادرن گیس اتھارٹی کے جاری شیڈول کے مطابق مقررہ اوقات کے دوران کھلیں گے اور بند رہیں گے سوئی گیس حکام وسی این جی ناکام ہے مشترکہ فیصلے کا اعلامیہ جاری کردیا گیا ہے

بقیہ نمبر 29

اکرام اللہ خان مروت نے اعزازی شیلڈ سے نوازا، سی ای او اکبر انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز اینڈ نرسنگ کالج مانسہرہ نزیر احمد بھی موجود تھے، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ کے سینئر صحافی شیخ نزیر حسین کی صحافتی میدان میں طویل خدمات و پیشہ ورانہ ذمہ داریوں اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے کی کاوشوں کے اعتراف میں خصوصی اعزاز سے نوازا گیا ایک نجی تقریب کے دوران وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد یوسف اور وائس چانسلر ہزارہ یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر اکرام اللہ خان مروت نے مشترکہ طور پر انہیں اعزازی شیلڈ پیش کی اس موقع پر مقررین نے صحافت کی اہمیت اور معاشرے میں صحافیوں کے مثبت کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ صحافت ایک اہم قومی ذمہ داری ہے جس کے ذریعے عوامی مسائل، معاشرتی مشکلات اور علاقائی مسائل و دیگر معاملات کو متعلقہ حکام تک پہنچانے میں مدد ملتی ہے انہوں نے کہا کہ ذمہ دارانہ اور غیر جانب دارانہ صحافت معاشرے کی اصلاح اور عوامی شعور بیدار کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے

بقیہ نمبر 30

جارہا ہے۔ اسی سلسلے میں علاقہ ازمر میں ماہرین زراعت اور پٹیل سیڈز کمپنی کی نگرانی میں کسانوں کے لیے ایک آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس میں انہیں جوار کی اہمیت، موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات، بروقت کاشت، فصل کی دیکھ بھال اور جدید زرعی طریقوں کے حوالے سے تفصیلی رہنمائی فراہم کی گئی ماہرین زراعت پٹیل سیڈز کمپنی اور زرغون کے ماہرین کے مطابق بروقت کاشت، مناسب دیکھ بھال اور جدید زرعی اصولوں پر عمل درآمد کے ذریعے جوار کی بہترین پیداوار حاصل کی جاسکتی ہے۔ جبکہ بدلتے ہوئے موسمی حالات میں ایسی فصلوں کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے جو کم وسائل میں بہتر پیداوار دینے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ جوار نہ صرف غذائیت سے بھرپور آٹے کے حصول کا ذریعہ ہے بلکہ اس سے تیل اور دیگر ضمنی مصنوعات بھی حاصل کی جاسکتی ہیں، جو کسانوں کے لیے اضافی آمدن اور معاشی خوشحالی کے نئے مواقع فراہم کرسکتی ہیں۔ جوار اور گندم کی بہترین پیداوار حاصل کرنے کیلئے پٹیل سیڈ کمپنی کی جانب سے ازمر بالا میں آگاہی سیشن کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جسکے مہمان خصوصی ترناب فارم پشاور کے ایگری کلچر ریسرچ آفیسر ذاکر خان تھے۔ جبکہ زرغون کی جانب سے اشتیاق عالم یاسر خان شاہ خالد اور پٹیل سیڈ کے ایریا ڈیولپمنٹ آفیسر تیمور خان نے شرکت کی۔ اور کسانوں کو پٹیل سیڈ کی اہمیت پر روشنی ڈالی

بقیہ نمبر 31

وہ طلبہ اور فیکلٹی ممبران کی رہنمائی کرتے ہوئے تخلیقی فنون، مصوری، شاعری اور ابلاغ کے جدید و اختراعی طریقوں کو فروغ دیں گے۔ ان کی اکیڈمی میں شمولیت کو صحت عامہ کی تعلیم میں تخلیقی اظہار، فکری وسعت اور مؤثر ابلاغ کو شامل کرنے کی جانب ایک منفرد و پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔ جنرل فرخ سیر اپنی نئی ذمہ داری کے تحت طلبہ اور اساتذہ کو فنون لطیفہ کے مختلف ذرائع، بالخصوص پینٹنگ، شاعری، تحریر اور تخلیقی اظہار کے ذریعے خیالات، احساسات اور سماجی موضوعات کو بہتر انداز میں سمجھنے، پیش کرنے اور دوسروں تک منتقل کرنے میں رہنمائی فراہم کریں گے۔ اس اقدام کا مقصد روایتی تدریسی طریقوں کے ساتھ تخلیقی اور جدید ذرائع ابلاغ کو یکجا کرتے ہوئے تعلیم و تربیت کے عمل کو مزید مؤثر، بامعنی اور وسیع تر بنانا ہے۔ صحت عامہ کے شعبے میں ابلاغ کی اہمیت محض معلومات کی فراہمی تک محدود نہیں بلکہ لوگوں کے رویوں، احساسات، سماجی شعور اور صحت سے متعلق آگاہی کو مؤثر انداز میں اجاگر کرنے سے بھی وابستہ ہے۔ جنرل فرخ سیر کی بطور پروفیسر تعیناتی سے طلبہ اور فیکلٹی کو ابلاغ کے ان نئے اور تخلیقی پہلوؤں سے روشناس کرانے کا موقع میسر آئے گا۔ اس موقع پر جنرل فرخ سیر نے ہیلتھ سروسز اکیڈمی کے وی سی ڈاکٹر شہزاد خان سے ملاقات کی اور انہیں اپنی حالیہ تصانیف Parallel Portraits، Rang-E-Sukhan (رنگِ سخن) اور Afghan Exile بطور تحفہ پیش کیں۔ ان کتابوں کی پیشکش ان کے علمی، ادبی اور تخلیقی کام کی عکاسی کرتی ہے، جبکہ اکیڈمی میں ان کی نئی ذمہ داری تدریسی و علمی سرگرمیوں میں فنون اور تخلیقی اظہار کے کردار کو مزید اجاگر کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ جنرل فرخ سیر کی اکیڈمی میں شمولیت سے صحت عامہ کے شعبے میں تعلیم، تخلیقی اظہار اور جدید ابلاغ کے امتزاج کو فروغ دینے، طلبہ کی فکری و تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنے اور تدریسی ماحول میں نئے اندازِ فکر متعارف کرانے کی امید کی جارہی ہے۔ ان کی یہ ذمہ داری صحت عامہ کے شعبے میں علم کو روایتی حدود سے آگے لے جاتے ہوئے فنون کے ذریعے معاشرتی شعور اور انسانی احساسات کو سمجھنے کے نئے امکانات پیدا کرے گی

بقیہ نمبر 32

ویتنام کے وفود شریک ہوئے۔ اس کے علاوہ چین، جرمنی اور امریکہ کے وزراء، اراکین پارلیمنٹ، سفارت کاروں اور گندھارا تہذیب کے ماہرین نے بھی شرکت کی۔

بقیہ نمبر 33

علاقے مٹیامیرا میں فسادی جتھے کی فائرنگ سے دوران ڈیوٹی شہید ہونے والے پاکستان رینجرز (سندھ) کے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ برکت علی کی نماز جنازہ میں کور کمانڈر کراچی، شہید کے لواحقین، سینئر سول وعسکری اور پولیس حکام نے شرکت کی۔ نماز جنازہ میں شریک افراد نے شہید کی فرض شناسی، بہادری اور عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا، جبکہ اس موقع پر اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار بھی کیا گیا۔ نماز جنازہ کے بعد شہید برکت علی کا جسد خاکی ان کے آبائی علاقے روانہ کر دیا گیا، جہاں انہیں مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کیا جائے گا۔ ملک کے امن واستحکام کیلئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، سیکیورٹی ادارے امن وامان کے قیام اور عوام کے تحفظ کے لئے پرعزم ہیں۔

بقیہ نمبر 34

مریضوں کی بہتر دیکھ بھال میں اپنا کردار ادا کرنے کے جذبے کے تحت کیا۔ عوام کے تعاون اور اجتماعی کاوشوں سے یہ مقصد کامیابی سے حاصل کیا گیا، جس سے مستقبل میں بے شمار مریض مستفید ہوں گے۔ اس موقع پر طلبہ نے الخدمت رازی ہسپتال کی ڈپٹی میڈیکل ڈائریکٹر مہوش فیصل اور فیچر ایڈمن عثمان سعید کا خصوصی شکریہ ادا کیا جنہوں نے پورے منصوبے کے دوران بھرپور تعاون، رہنمائی اور حوصلہ افزائی فراہم کی۔ بالخصوص ویلفیئر آفیسر سید اسماعیل شاہ کی معاونت اور مؤثر رہنمائی نے اس منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ ہسپتال کی انتظامیہ نے طلبہ کی سماجی ذمہ داری کے احساس، خدمت انسانیت کے جذبے اور کاوشوں کو سراہتے ہوئے اسے نوجوانوں کے لیے ایک قابل تقلید مثال قرار دیا

بقیہ نمبر 35

بیٹنگ ایپس ابتدا میں صارفین کو منافع دے کر جوئے کی طرف راغب کرتی ہیں اور بعد ازاں صارفین کی رقوم مسلسل اس کاروبار میں گردش کرتی رہتی ہیں، صارفین جاز کیش اور ایزی پیسہ اکاؤنٹس کے ذریعے بھی رقم منتقل کرتے ہیں جبکہ جوئے سے حاصل ہونے والی رقم کا 60 سے 65 فیصد دوبارہ بیٹنگ ایپس میں لگایا جاتا ہے۔ شہزاد اکبر نے بتایا کہ اسٹیٹ بینک کی رپورٹ میں 6 ارب 15 کروڑ روپے کی مشکوک ٹرانزیکشنز کی نشاندہی کی گئی تھی، تاہم این سی سی آئی اے کی جاری تحقیقات میں مشکوک اکاؤنٹس میں آنے والی مجموعی رقم 240 ارب روپے تک پہنچ گئی، تحقیقات کے مطابق آن لائن جوئے کے نیٹ ورک کی مجموعی مالیاتی سرگرمیاں ایک ہزار ارب روپے تک ہونے کا خدشہ ہے، کارروائی کے دوران ایک ارب روپے مالیت کی رقم اور اثاثے منجمد کیے گئے ہیں، کارروائی کے دوران گرفتار ملزم کے قبضے سے 73 لاکھ روپے نقد بھی برآمد ہوئے، نیٹ ورک سے منسلک دو بینک اکاؤنٹس منجمد کیے گئے ہیں

بقیہ نمبر 36

سلامتی فورس (لخویا) کے کمانڈر شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ آل ثانی نے وفاقی وزارت داخلہ کا دورہ کیا اور پاکستانی ہم منصب محسن نقوی سے ون آن ون ملاقات کی اور اس موقع پر وفود کی سطح پر بھی مذاکرات ہوئے۔ وزارت داخلہ کے مطابق دونوں وزرائے داخلہ کا پاک۔قطر تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور نئی بلندیوں پر لے کر جانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا

بقیہ نمبر 37

عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر نے تربت میں شہداء کی یادگار پر پھول رکھے اور فاتحہ خوانی کی۔

بقیہ نمبر 38

ذریعے نکالا جائے گا۔ ایوان صدر کے مطابق پچھلی آئینی ترامیم تمام اتحادی جماعتوں کی باہمی مشاورت سے کی گئیں اور اتفاق کیا گیا کہ تمام معاملات پر مل کر بیٹھیں گے اور مشاورت سے ان کا حل نکالا جائے گا۔ ملاقات میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 39

کو وزیراعظم اور حافظ نعیم الرحمٰن کی ملاقات میں کیا جائے گا، جماعت اسلامی کی مسلسل جدوجہد رنگ لا رہی ہے، عوام کو ریلیف مل رہا ہے، جماعت اسلامی عوامی مسائل کے حل کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ جمعرات کو اسلام آباد میں جماعت اسلامی کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے مذاکراتی کمیٹی کے ممبران سید فراست شاہ، ضیاء الدین انصاری، عنایت اللہ خان ودیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ جماعت اسلامی اور حکومت کے تکنیکی کمیٹیوں کی سطح کے مذاکرات مکمل ہو گئے ہیں۔ حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان تجاویز کے ڈرافٹس کا کام اور کمیٹیوں کی سطح کا مذاکرات کا عمل مکمل ہو گیا ہے۔ جو معاہدے کا ڈرافٹ اسحاق ڈار اور دیگر حکومتی کمیٹی کو دیا تھا، آج اس پر حتمی موقف سے آگاہ کیا گیا، انہوں نے کہا کہ ہم نے حکومت کو آگاہ کیا کہ ہمارا مسلسل احتجاج پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف تھا۔ ہمارا مطالبہ یہی تھا کہ حکومت قیمتوں کو کنٹرول کرے۔ جماعت اسلامی کی جدوجہد سے پیٹرول پر 146 روپے فی لٹر ریلیف ملا ہے، ڈیزل پر بھی عوام کو دوسوسے زائد روپے کا ریلیف ملا ہے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی کو بتایا گیا ہے کہ ایل این جی پر بہت سے حکم امتناعی تھے جو ختم کرائے ہیں۔ اسحاق ڈار نے بتایا کہ ایل این جی کے بڑے جہاز پہنچ گئے ہیں، جس سے گیس سستی ہوگی۔ ایک کارگو پہنچ گیا ہے دوسرا کل پہنچ جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایل پی جی بحران سراسر حکومت کی نااہلی ہے، خطرات سروں پر منڈلا رہے تھے لیکن بروقت اقدامات نہیں کیے گئے، حکومت کا کہنا ہے کہ ہم نے ایل این جی اور ایل پی جی کے اقدامات کر لیے ہیں۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ ہم نے حکومت کو بتایا ہے کہ آئی پی پیز کے ساتھ معاہدوں کا معاملہ بہت سست جارہا ہے۔ سود کے خاتمے پر بھی ہم نے بات کی ہے، حالیہ آئینی ترمیم میں بھی سود کے خاتمے کا وعدہ کیا گیا ہے، حکومت نے سود پر ابھی تک کچھ نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے خلاف بھی ہم نے حکومت سے بات کی ہے، گورنر راج کے باوجود بدامنی کم نہیں ہوئی بلکہ بڑھی ہے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ حکومت نے پیٹرولیم لیوی کے خاتمے پر ہمارے مطالبے پر اپنی مجبوریاں بھی بتائیں، حکومت نے آئی ایم ایف کی طرف سے مجبوریاں بھی بتائی ہیں۔ لیوی کی مد میں 36.16 روپے فی لٹر ریلیف دیا گیا ہے، لیوی کے حوالے سے مزید کمی کے لیے پلان تیار کرلیا گیا ہے۔ پیٹرولیم لیوی کو اس کی اصل سطح پر لانے کے لیے بجٹ سے پہلے پہلے معاملہ طے کیا جائے گا۔ پیٹرولیم لیوی بھتہ اور داداگیری ہے، حکومت کے پاس اس سے زیادہ محصولات جمع کرنے کے راستے موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے ایک جامع ریلیف پیکیج تیار کرلیا ہے۔ وزیراعظم ریلیف پروگرام میں توسیع کی جائے گی۔ وزیراعظم ریلیف پروگرام میں ایک ہزار سی سی گاڑی کو بھی شامل کیا جائے گا۔ ساڑھے بارہ ایکڑ کی زمین والے کو ٹریکٹر میں تیل پر ریلیف ملے گا۔ پاکستان اور باہر کے تیل پر الگ الگ ریٹس لاگو ہوں گے۔

بقیہ نمبر 40

انٹیلی جنس بنیادوں پر آپریشن کیا گیا۔ اس کارروائی کے دوران سیکیورٹی اہلکاروں نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنۃ الخوارج کے 15 ارکان ہلاک ہوگئے

بقیہ نمبر 41

سے جاری کردہ اعلامیے میں کہا گیا کہ اپیل کنندگان آئرس (IRIS) پورٹل کے ذریعے آن لائن اپیل دائر کریں گے، جسے ایک خودکار نظام کے تحت متعلقہ کمشنر کو الاٹ کردیا جائے گا اور تمام نوٹسز، جوابات اور شواہد بھی صرف الیکٹرانک شکل میں ہی جمع کرائے جائیں گے۔ شفافیت یقینی بنانے کے لیے اپیل سننے والے کمشنر کی شناخت مکمل طور پر صیغہ راز میں رکھی جائے گی

بقیہ نمبر 42

شاعر ہیں جنہیں روس کی جانب سے لینن امن ایوارڈ سے بھی نوازا گیا ان کی وفات سے قبل انہیں نوبل پرائز کیلئے منتخب کیا گیا تھا فیض احمد فیض لاتعداد مداحوں کو چھوڑ کر 20 نومبر 1984 کو 73 برس کی عمر میں اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔

بقیہ نمبر 43

مطالبہ نہیں کیا بلکہ پورے پاکستان میں آبادی اور انتظامی ضرورت کے مطابق نئے صوبے بنانے کی بات کی ہے، اگر یہ مطالبہ پورے ملک کے لیے ہے تو پھر کراچی، حیدرآباد، میرپورخاص اور نواب شاہ میں خون ریزی کی باتیں کیوں کی جارہی ہیں؟ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ سندھ کے شہری علاقوں نے جو بات پہلے کی تھی، آج پورا پاکستان وہی بات کررہا ہے، ہم دلیل دیتے ہیں اور جواب میں بھی دلیل کے منتظر ہوتے ہیں، دھمکیوں کے نہیں، سندھ کے شہری علاقوں کے عوام کو دھمکیاں دینے سے پہلے سوچنا چاہئے۔ انہوں نے بلاول بھٹو زرداری کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ جب پورے پاکستان میں نئے صوبوں کے قیام کی بات ہورہی ہے تو پھر خون ریزی کی دھمکیاں صرف کراچی، حیدرآباد، میرپورخاص اور نواب شاہ کے لیے کیوں دی جارہی ہیں؟ انہوں نے امن وامان اور قانون نافذ کرنے کے ذمہ دار اداروں سے اس معاملے کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ عدالتوں کو بھی اس معاملے پر ازخود نوٹس لینا چاہئے۔ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ سندھ کے شہری علاقوں کے لوگ آزادی کا تحفہ لے کر پاکستان آئے تھے، ان شہروں کی معاشی سرگرمیوں سے پورا صوبہ مستفید ہوتا ہے، لیکن ان ہی علاقوں کے عوام کو دھمکیاں دی جارہی ہیں، ان کا دعویٰ تھا کہ کراچی سندھ کے بجٹ کی آمدن میں 97 فیصد حصہ دیتا ہے، جبکہ بعض اعداد وشمار کے مطابق یہ حصہ 93 فیصد ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ باقی آمدن حیدرآباد، میرپورخاص، نواب شاہ اور سکھر سمیت دیگر شہروں سے کتنی حاصل ہوتی ہے؟ پاکستان میں جمہوریت اور جاگیردارانہ جمہوریت کے درمیان بہت فاصلہ ہے، ملک میں سیاسی قیادت اکثر سیاسی کارکنوں کے بجائے خاندانی اور موروثی بنیادوں پر سامنے آتی ہے، جس کے نتیجے میں عوامی نمائندگی محدود ہوکر رہ جاتی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ نئے صوبوں کا مطالبہ نہ غداری ہے اور نہ سازش، بلکہ یہ انتظامی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے شہری علاقوں میں نئے صوبے کے قیام کا مقدمہ تاریخی، معاشی اور انتظامی اعتبار سے مضبوط ہے۔

بقیہ نمبر 44

پر غور ہوگا۔ اجلاس میں ججز کی تقرری سے متعلق جوڈیشل کمیشن 2024 رولز میں ترمیم پر بھی غور ہوگا۔ جوڈیشل کمیشن اجلاس ایجنڈے کے مطابق آئین کے آرٹیکل 175 اے (20) کے تحت ہائی کورٹس کے ججز کی کارکردگی کے قواعد وضع کرنے کا معاملہ ایجنڈے میں شامل ہے جبکہ جوڈیشل کمیشن (اپوائنٹمنٹ آف ججز) رولز 2024 میں ترمیم پر بھی غور کرے گا۔

بقیہ نمبر 45

مطابق گزشتہ رات وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایات پر ڈیرہ اسماعیل خان میں مولانا فضل الرحمٰن کی رہائش گاہ پر تعینات ایف سی کا پلاٹون واپس بلا لیا گیا، جبکہ مولانا فضل الرحمٰن کے ساتھ تعینات پولیس کی تمام سیکیورٹی بھی ختم کرنے کے احکامات جاری کیے گئے۔ اسی طرح مولانا فضل الرحمٰن کے صاحبزادے مولانا اسعد محمود سے بھی ایف سی اور پولیس کی سیکیورٹی واپس لے لی گئی۔ سیکیورٹی اہلکاروں کو 15 منٹ کے اندر اپنی ڈیوٹیاں چھوڑ کر واپس روانہ ہونے کی ہدایات جاری کی گئیں۔ سیکیورٹی برانچ ڈیرہ اسماعیل خان کے مطابق گزشتہ رات گئے تک سیکیورٹی برانچ کی جانب سے پولیس اہلکاروں کی سیکیورٹی کلوز کردی گئی تھی، جبکہ آج صبح ڈسٹرکٹ پولیس نے بھی مولانا فضل الرحمٰن اور ان کے صاحبزادے کے ساتھ تعینات پولیس اہلکاروں کو واپس بلا کر سیکیورٹی ڈیوٹیاں ختم کردیں، سیکیورٹی واپس لینے کے اس اقدام کے بعد سیاسی وسماجی حلقوں میں مختلف سوالات اٹھائے جارہے ہیں۔ جمعیت علمائے اسلام ف کے ترجمان نے کارکنوں کو تیار رہنے کا پیغام دیتے ہوئے کہا کہ جے یو آئی قائدین اور کارکنوں کے خلاف ریاستی دہشت گردی کا مقابلہ کریں گے جب کہ جے یو آئی کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا کہ مولانا صاحب کے گھر کی ناکہ بندی شروع کردی گئی ہے، بلا اشتعال کارروائیاں جاری ہیں۔ حکومت قانون کی حدود میں رہے۔ سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا کہ وکلاء اور کارکنان ہوشیار رہیں، قائدین کے تحفظ کیلئے کسی بھی وقت کال دی جاسکتی ہیں۔

بقیہ نمبر 46

پوتن اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سٹریٹیجک استحکام اور بین الاقوامی سلامتی کے تحفظ کے لیے اپنے عزم پر قائم ہیں۔

بقیہ نمبر 47

بس اور لیس باؤ※زر کے درمیان تصادم ہوا جس کے سبب بس اور باؤ※زر میں آگ بھڑک اٹھی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق بس میں خواتین اور بچوں سمیت متعدد مسافر موجود تھے، بس جلنے کے سبب ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ ہے۔ ایس پی اسلم بنگلزئی کا کہنا ہے کہ ریسکیو ٹیمیں جائے وقوعہ پر موجود ہیں، مسافر بس تربت سے کراچی جارہی تھی۔

بقیہ نمبر 48

سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا کہ مولانا صاحب کے گھر کی ناکہ بندی شروع کردی گئی، جمعیت علمائے اسلام ف کے ترجمان نے کارکنوں کو تیار رہنے کا پیغام دیتے ہوئے کہا کہ جے یو آئی قائدین اور کارکنوں کے خلاف ریاستی دہشت گردی کا مقابلہ کریں گے جب کہ جے یو آئی کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا کہ مولانا صاحب کے گھر کی ناکہ بندی شروع کردی گئی ہے، بلا اشتعال کارروائیاں جاری ہیں۔ حکومت قانون کی حدود میں رہے۔ سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا کہ وکلاء اور کارکنان ہوشیار رہیں، قائدین کے تحفظ کیلئے کسی بھی وقت کال دی جاسکتی ہیں۔ اسلم غوری نے کہا کہ جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان کی تمام سیکورٹی واپس لے لی گئی ہے، ایک طرف تحریک لیٹر اور دوسری طرف سیکورٹی کی واپسی حکومت کیا پیغام دے رہی ہے، جے یو آئی قیادت کو کوئی بھی نقصان پہنچا تو حکمران ذمہ دار ہوں گے۔ ترجمان جے یو آئی نے کہا کہ قائد جمعیت کے پرسنل سیکریٹری مفتی ابرار اور ان کی پوری فیملی کے خلاف جھوٹی ایف آئی آرز درج کی گئی ہیں۔ ترجمان جے یو آئی، رات گئے مفتی ابرار کی گرفتاری کی آڑ میں اسلام آباد میں جگہ جگہ چھاپے مارے گئے۔ اسلم غوری نے کہا کہ حکمران بتائیں کہ جے یو آئی رہنماؤں اور کارکنوں کے خلاف کیوں کریک ڈاؤن کیا جارہا ہے؟ حکمران جو بیج رہے ہیں کل ان کو کاٹنا ہوگا، کارکن الرٹ رہیں، قائد جمعیت کے تحفظ کے لئے کسی بھی وقت کال دی جاسکتی ہے۔

بقیہ نمبر 49

کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جا سکتا، علما کو بھی مدارس کی اجارہ داری کی سوچ سے نکل کر ایک قوم کی سوچ اپنانا ہوگی۔ جمعیت طلبہ عربیہ پاکستان کے زیر اہتمام "بدلتی دنیا میں مدارس کا کردار" کے عنوان سے سیمینار منعقد ہوا، جس سے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیمینار کے انعقاد پر جمعیت طلبا عربیہ قابل مبارکباد ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں دینی مدارس کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جاسکتا، دینی مدارس کو نظر انداز کرنا درست نہیں، دین کی تعلیم میں مدارس کا اہم کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا نظام تعلیم ایسا نہیں جو لوگوں کو دین سے جوڑ سکے۔ علما کرام کی بڑی تعداد خدمات سرانجام دیتی رہی، مگر پاکستان میں تعلیم کا نظام قائم نہیں کیا جاسکا۔ دنیاوی اور دینی تعلیم کی تقسیم کرنا ہی درست نہیں، مذہبی اور دنیاوی لوگوں کو الگ الگ کرنا معاشرے میں تقسیم پیدا کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 50

مواد تیار کرنے کا بڑا ٹھکانہ پکڑ لیا، فتنۃ الخوارج کے دہشت گردوں نے رہائشی مکانات میں دھماکا خیز مواد کی لیب بنا رکھی تھی جو سیکیورٹی فورسز نے پکڑ لی

بقیہ نمبر 51

اہم پیش رفت ہے، جس کا مقصد انتخابی عمل میں تحقیق کا فروغ، اور سیاسی عمل میں جمہوری شعور کو اجاگر کرنے کیلئے تمام طبقات کی شمولیت کو یقینی بنانا ہے۔ مفاہمتی یادداشتوں کی تقریب کے دوران خطاب کرتے ہوئے نثار احمد درانی، ممبر الیکشن کمیشن نے جمہوری اقدار کے فروغ، باخبر معاشرے کی تشکیل اور نوجوانوں کی انتخابی عمل میں شمولیت کے حوالے سے تعلیمی اداروں اور یوتھ کے اہم کردار پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 52

پاکستانی فضائی حدود کی بندش 24 دسمبر 2026 کی صبح 5 بجے تک برقرار رہے گی

بقیہ نمبر 53

کے رہائشی سید حمزہ ارشاد بخاری کی شکایت پر کارروائی کرتے ہوئے مرکزی ملزم شاہد بشیر چیمہ کو گرفتار کیا۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق ملزمان شہری کے بیٹے کی شادی کی تقریب میں پہنچے اور خود کو سرکاری انسپکٹر ظاہر کرکے گرفتاری کی دھمکیاں دیں۔ ملزمان نے تین مختلف بینک ٹرانزیکشنز کے ذریعے شہری سے 20 لاکھ روپے وصول کیے جبکہ نام نہاد کلیئرنس دلوانے کے لیے مزید 50 لاکھ روپے کا مطالبہ بھی کیا۔ این سی سی آئی اے کے مطابق شکایت کنندہ کی جانب سے فراہم کردہ کال ریکارڈنگز، واٹس ایپ پیغامات اور بینک ریکارڈ کی روشنی میں کارروائی کی گئی۔ گرفتار ملزم کے قبضے سے موبائل فون برآمد ہوا جبکہ شہری سے وصول کی گئی مکمل 20 لاکھ روپے کی رقم بھی برآمد کرکے واپس دلوادی گئی۔ واقعے میں دوسرے ملزم میاں وسیم کے کردار سے متعلق تحقیقات جاری ہیں۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر لاہور زون عاطف امیر نے کہا ہے کہ سرکاری اداروں اور افسران کا نام استعمال کرکے شہریوں کو دھمکانے اور رقوم بٹورنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 54

ایئرفورس گلوبل اسٹرائیک کمانڈ کے مطابق منگل کی شب کیلیفورنیا کے شہر لاس اینجلس کے نواح میں واقع وینڈنبرگ اسپیس فورس بیس سے کیا جانے والا یہ معمول کا تجربہ برسوں پہلے سے طے شدہ تھا اور اس کا موجودہ عالمی حالات سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 55

اس موقع پر موجود تھے۔ مہمان خصوصی کی آمد پر ایئر آفیسر کمانڈنگ، پی اے ایف اکیڈمی اصغر خان، ایئر وائس مارشل محسن فیصل نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ مہمان خصوصی نے اپنے خطاب میں گریجویشن مکمل کرنے والے کیڈٹس کو کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی شاندار پریڈ، مثالی نظم و ضبط اور اعلیٰ پیشہ ورانہ تربیت کو سراہا۔ انہوں نے ترک فضائیہ کے کمانڈر کی تقریب میں شرکت کو پاکستان اور ترکیہ کے درمیان گہرے، دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کا عکاس قرار دیتے ہوئے ان کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ قائداعظم محمد علی جناح کے 78 برس قبل پی اے ایف اکیڈمی کے دورے کا حوالہ دیتے ہوئے مہمان خصوصی نے ایک مضبوط اور مؤثر فضائیہ کے قیام سے متعلق بانی پاکستان کے نظریے کو اجاگر کیا۔ انہوں نے قائداعظمؒ کے تاریخی الفاظ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا، ''ایک ایسا ملک جس کے پاس مضبوط فضائیہ نہ ہو، کسی بھی جارح کے رحم وکرم پر ہوتا ہے۔'' انہوں نے کہا کہ پاک فضائیہ نے اپنی تاریخ کے ہر دور میں اس نظریے کو مشعلِ راہ بنائے رکھا ہے اور ''سیکنڈ ٹو نون'' کے عزم کو ہمیشہ اپنی پیشہ ورانہ شناخت اور عملی صلاحیتوں سے ثابت کیا ہے۔ معرکہ حق مئی 2025 کا حوالہ دیتے ہوئے سربراہ پاک بحریہ نے پاک فضائیہ کی غیر معمولی آپریشنل صلاحیتوں اور پیشہ ورانہ مہارت کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ نمبر 56

کی دعوت پر، وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی، ڈاکٹر مصدق مسعود ملک، نئی دہلی میں 20 سے 22 نومبر 2026 تک منعقد ہونے والے پہلے ایس سی او 'تہذیبوں کے مابین مکالمہ فورم' میں پاکستانی وفد کی قیادت کریں گے

بقیہ نمبر 57

احسن کی والدہ، بھائی اور بہن نے عدالت میں بیان حلفی جمع کروادیا۔ اہلخانہ نے بتایا کہ ربیعہ احسن کی موت ایک حادثہ تھی، عدالت احسن طاہر کو ضمانت پر رہا کرے تو ہمیں اعتراض نہیں۔ عدالت نے بیان حلفی اور ورثا کے بیان پر ملزم کی ضمانت بعد از گرفتاری منظور کرلی۔ ملزم شوہر احسن طاہر کی ضمانت کی رہائی کے عدالتی آرڈر جیل بھیج دیے گئے، ملزم کی شام میں اڈیالہ جیل سے رہائی ہوگی۔

بقیہ نمبر 58

ایڈووکیٹ پورٹل اور اس کی سہولیات سے آگاہ کیا۔ اس پورٹل کے ذریعے وکلاء سپریم کورٹ آئے بغیر عدالتی خدمات سے آن لائن استفادہ کرسکیں گے،

بقیہ نمبر 59

29 نومبر کو کسی بھی جماعت کو ریلی کی اجازت نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 60

مرکزی مسلم لیگ نے صوبائی وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کو پارٹی کے خلاف مبینہ ہتک آمیز بیانات دینے پر 5 ارب روپے ہرجانے کا قانونی نوٹس بھجوادیا۔

بقیہ نمبر 61

کرانے کی ہدایت کردی گئی۔ رپورٹ کے مطابق وفاقی وزارت داخلہ نے صوبوں کی جانب سے ماضی میں جاری کیے گئے تمام" آل پاکستان اسلحہ لائسنس جانچ پڑتال اور توثیق کے لیے وزارت داخلہ میں جمع کرانے کی ہدایت جاری کردی

بقیہ نمبر 62

بہتر ہونے پر ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا ہے۔ ترجمان موٹروے پولیس سید عمران احمد کے مطابق حد نگاہ متاثر ہونے کے باعث پہلے ایم 4 کو عبدالحکیم سے پنڈی بھٹیاں تک صرف ہیوی ٹریفک کے لیے بند کیا گیا تھا

بقیہ نمبر 63

لیے ریفرنڈم کی کوئی گنجائش نہیں ہے

بارانی زرعی یونیورسٹی: 23 نومبر سے ''سٹوڈنٹس ویک منایا جائیگا

طلباء وطالبات کی تعلیمی، فکری، تخلیقی اور جسمانی صلاحیتوں کو نکھارنے میں مدد ملے گی

یونیورسٹی کا مقصد طلباء میں خود اعتمادی، بصیرت پیدا کرنا ہے: وائس چانسلر



راولپنڈی (راجہ جاوید اختر سے) پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان کے وژن کے مطابق طلباء وطالبات کی تعلیمی، فکری، تخلیقی اور جسمانی صلاحیتوں کو نکھارنے اور ان کی ہمہ جہت شخصیت سازی کے لیے 23 سے 29 نومبر 2026 تک ''سٹوڈنٹس ویک 2026'' منایا جائے گا۔ ڈائریکٹو ریٹ آف سٹوڈنٹ افیئرز کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے اس ہفتہ وار پروگرام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)



نوشہرہ: گورنر خیبر پختونخوا کے مشیر ڈاکٹر محمد ارشاد یوادوٹی نوشہرہ میں سائنسی نمائش کا افتتاح کر رہے ہیں

پشاور گورنر فیصل کنڈی سے سردار اورنگزیب نلوٹھہ کی ملاقات

تجاوزات، پارکنگ مسائل، ترقیاتی منصوبوں کے لیے فنڈز کے اجراء پر تبادلہ خیال

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) پشاور میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنما سردار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



اسلام آباد، اسلامیہ کالج کے طلبہ کو پارلیمنٹ دورہ پر بریفنگ دی جارہی ہے

لاہور 2027ء کیلئے اقتصادی تعاون تنظیم کا ٹورازم کیپیٹل نامزد

آذربائیجان شوشا میں تقریب کے دوران ای سی او کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر اسد مجید نے اعزاز باضابطہ لاہور کے حوالے کیا

سیکرٹری محکمہ سیاحت، آثار قدیمہ وعجائب گھر پنجاب سقراط امان رانا نے حکومت کی نمائندگی کرتے ہوئے اعزاز وصول کیا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) لاہور کو 2027 کیلئے اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کا ٹورازم کیپیٹل نامزد کر دیا گیا ہے۔ آذربائیجان کے شہر شوشا میں منعقدہ تقریب کے دوران ای سی او کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر اسد مجید خان نے یہ اعزاز باضابطہ طور پر لاہور کے حوالے کیا۔ سیکرٹری محکمہ سیاحت، آثار قدیمہ و عجائب گھر پنجاب سقراط امان رانا نے حکومت پنجاب کی نمائندگی کرتے ہوئے اعزاز وصول کیا، تقریب میں ای سی او کے رکن ممالک کے حکام، سیاحتی شعبے کے نمائندوں اور مختلف ممالک کے وفود نے شرکت کی۔ ای سی او ٹورازم کنیپٹل 2027 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

مدرسہ الرشید عثمانیہ گلزارِ قائد کے وفد کا پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ

ایوانِ بالا کی تاریخ، ارتقائی مراحل اہم تاریخی دستاویزات بارے میں معلومات فراہم کی گئیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) مدرسہ الرشید عثمانیہ گلزارِ قائد راولپنڈی کے 23 طلبہ اور 3 فیکلٹی ممبران پر مشتمل وفد نے پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد کا دورہ کیا۔ وفد کو پارلیمنٹ ہاؤس آمد پر سینیٹ حکام نے خوش آمدید کہا۔ وفد نے دورے کے دوران سینیٹ میوزیم کا مشاہدہ کیا، جہاں انہیں ایوانِ بالا کی تاریخ، ارتقائی مراحل، پارلیمانی روایات اور اہم تاریخی دستاویزات کے بارے میں معلومات فراہم کی گئیں۔ اس موقع پر وفد کو پاکستان کی پارلیمانی تاریخ اور ایوان بالا کے کردار پر مبنی معلوماتی ڈاکومنٹری بھی دکھائی گئی۔ وفد نے سینیٹ ہال کا بھی دورہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی، سائی ٹیک 2026 کا انعقاد

جہانگیرہ (تحصیل رپورٹر) شہدائے اے پی ایس یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی، نوشہرہ نے ضلعی انتظامیہ نوشہرہ اور ضلعی محکمہ امور نوجوانان نوشہرہ کے اشتراک سے 18 نومبر 2026 کو سائی ٹیک 2026 کا انعقاد کیا۔ منصوبوں کی نمائش اور روزگار میلے میں خیبر پختونخوا بھر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

گوجرخان، پولیس اہلکار بارے غیر مصدقہ اطلاع نے مختلف حلقوں میں تشویش پیدا کردی

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان میں پولیس اہلکار کے حوالے سے ایک غیر مصدقہ اطلاع نے مختلف حلقوں میں تشویش پیدا کر دی، ذرائع کے مطابق تھانہ گوجرخان کی موبائل گاڑی سے منسلک ڈرائیور عتیق کے بارے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

کراچی چیمبر، سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی سربراہی میں سینیٹ کمیٹی اجلاس

تاجر بجٹ میں کوئی تبدیلی یا بہتری چاہتے ہیں تو تجاویز بھیجیں، سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی گفتگو



کراچی (نمائندہ۔شہرنامہ) سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے خزانہ ومحصولات کا اجلاس کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز میں ہوا، اجلاس کی صدارت چیئرمین کمیٹی سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے کی۔ دیگر کمیٹی اراکین میں سینیٹر انوشہ رحمان، سینیٹر عامر ولی الدین چشتی، سینیٹر منظور احمد کاکڑ اور سینیٹر طلحہ محمود شامل تھے۔ اجلاس کے دوران تاجر برادری سے خطاب کرتے ہوئے سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ یہ ملاقات آپ کے مسائل سمجھنے اور ان کے تدارک کیلئے لائحہ عمل تیار کرنے کیلئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد پولیس کے مزید 203 افسران واہلکار ترقی پا گئے

نئے رینک لگ گئے، محکمانہ ترقی اہلکاروں کی محنت وخدمات کا اعتراف، آئی جی سہیل چوہدری

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): آئی جی اسلام آباد پولیس (ر) محمد سہیل چوہدری نے اسلام آباد پولیس کے مزید 203 افسران واہلکاروں کو اگلے عہدوں پر ترقی دے دی۔ ترقی پانے والوں میں 90 اے ایس آئیز، 107 سب انسپکٹرز اور 6 لوئر ڈویژن کلرکس شامل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں ترقی پانے والے افسران واہلکاروں کو نئے رینکس لگائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)







اسلام آباد پولیس کے ترقی پانیوالے افسران کو رینک لگائے جارہے ہیں

بھارت کا پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنا عالمی قانون کی خلاف ورزی ہے، پاکستان

سندھ طاس معاہدہ بدستور نافذ العمل، بھارت اسکے تحت اپنی ذمہ داریوں کا پابند ہے، نائب مستقل مندوب عثمان جدون

قدرتی وسائل کو تنازعات کا ذریعہ بنانے کے بجائے پائیدار ترقی، خوشحالی اور امن کیلئے بروئے کار لایا جانا چاہیے، خطاب

نیویارک (صباح نیوز) پاکستان نے بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ اور غیر قانونی طور پر معطل کرنے کے اقدام اور پاکستان کی طرف آنے والے دریاؤں کا پانی روکنے کی دھمکیوں کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ مشترکہ قدرتی وسائل کو بطور ہتھیار استعمال کرنا بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی، 24 کروڑ سے زائد افراد کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

سلاٹر منصوبہ، تاخیر کرنے والوں سے جواب طلب کیا جائے، خورشید

شہریوں کی صحت سے کھیلنے والے عناصر کو چوراہے پر سرعام عبرتناک سزا دی جائے



اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) اسلام آباد میں مردہ اور حرام جانوروں کے گوشت کی فروخت کے واقعات کا مستقل خاتمہ جدید سلاٹر ہاؤس کے قیام سے ہی ممکن ہے، خورشید احمد قریشی صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی سے مطالبہ ہے کہ آئی لیون فور میں فوری اسٹیٹ آف دی آرٹ سلاٹر ہاؤس تعمیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

گوجرخان، غیر معیاری مضر صحت منرل واٹر سپلائی پلانٹ سیل

غیر معیاری اشیاء کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، سیدہ زینب حسین

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان میں غیر معیاری مضر صحت منرل واٹر سپلائی پلانٹ سیل، اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کی مشترکہ کارروائی، مضر صحت اور غیر معیاری اشیاء کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان سیدہ زینب حسین تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان سیدہ زینب حسین کی ہدایت پر پنجاب فوڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

آئی ایس ایس آئی کے زیر اہتمام اسٹریٹ کام پبلک فورم کا انعقاد

ترک سفیر نے دوطرفہ تعلقات کی بنیاد بننے والے عوام سے عوام کے منفرد تعلقات پر زور دیا

اسلام آباد (نمائندہ۔ شہرنامہ) انسٹی ٹیوٹ آف اسٹریٹیجک اسٹڈیز اسلام آباد (آئی ایس ایس آئی) میں سینئر فار افغانستان، مشرق وسطیٰ وافریقہ (کیمیا) نے جمہوریہ ترکیہ کے ایوان صدر کے ڈائریکٹوریٹ آف کمیونیکیشنز اور اسلام آباد میں جمہوریہ ترکیہ کے سفارت خانے کے اشتراک سے "علاقائی سلامتی کے ڈھانچے کی تشکیل نو: ترکیہ۔ پاکستان تناظر میں اسٹریٹیجک شراکت داری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

این سی سی آئی اے کی ای کچہری، ناصر رضوی شکایات سنیں گے

ای کچہری صبح 10 بج کر 30 منٹ سے دوپہر 12 بجے تک جاری رہے گی، ترجمان

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کے ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت تیسری ای کچہری آج 20 نومبر بروز جمعہ منعقد ہوگی۔ ای کچہری میں شہریوں کی شکایات اور سائبر کرائم سے متعلق مسائل براہِ راست سنے جائیں گے۔ ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق ای کچہری صبح 10 بج کر 30 منٹ سے دوپہر 12 بجے تک جاری رہے گی۔ اس دوران شہریوں کو اپنی شکایات پیش کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

مانسہرہ میں ایل پی جی 650 روپے فی کلو سے بھی تجاوز کر گئی

دکانداروں نے من مانے ریٹ مقرر کر رکھے ہیں عوامی حلقوں کا شکوہ

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ میں LPG گیس 650 روپے فی کلو سے بھی تجاوز کر گئی، انتظامیہ کے احکامات کو کھاتے، مافیا نے اپنی ریٹ قائم کر دی، عوام لٹنے لگے، حکام بالا سے اصلاح حال کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ شہر سمیت بعض دیگر مقامات میں قائم ایل پی جی ریٹلرز و دکانداروں نے انت مچاتے ہوئے LPG گیس کے سرکاری ریٹ اور ضلعی انتظامیہ کے احکامات کو کھاتے ڈال کر من مانے ریٹ مقرر کر رکھے ہیں عوامی حلقوں کے مطابق حالیہ دنوں مانسہرہ شہر و بعض دیگر علاقوں میں سوئی گیس کی بدترین لوڈشیڈنگ اوقات سے فائدہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

پنجاب مریضوں کو 39 ارب 50 کروڑ سے زائد کا مفت علاج فراہم

ایک ہزار 455 گردوں، ایک ہزار 105 کوکلیئر، 463 جگر، 82 بون میرو اور 68 قرنیہ کے ٹرانسپلانٹس شامل ہیں، سلمان رفیق

صوبائی وزیر صحت کی زیر صدارت پنجاب ہیلتھ انیشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا 123 واں اجلاس

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت پنجاب کے شعبہ صحت میں خصوصی پروگراموں کے تحت اب تک مریضوں کو 39 ارب 50 کروڑ روپے سے زائد مالیت کا مفت علاج فراہم کیا جا چکا ہے۔ پنجاب ہیلتھ انیشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا 123 واں اجلاس صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت ہوا، جس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے صحت کے مختلف منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ خواجہ سلمان رفیق نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ کے خصوصی پروگراموں کے باعث دل کے امراض، کینسر، ڈائبلسز، فالج، بچوں کی دل کی سرجری اور ٹرانسپلانٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

مانسہرہ، آج سی این جی اسٹیشنز بند رہیں گے

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ سمیت ہزارہ ڈویژن میں آج بروز جمعہ تمام سی این جی اسٹیشنز 24 گھنٹے بند رہیں گے، باقی 6 دنوں میں شیڈول اوقات کے مطابق سی این جیز کھلیں رہیں گے، اعلامیہ جاری، تفصیلات کے مطابق سوئی گیس حکام اور سی این جیز مالکان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

چیئرمین سی ڈی اے کا F-7 مرکز، جناح سپر مارکیٹ کا دورہ

اپ لفٹنگ اور تزئین وآرائش کے کاموں کا تفصیلی جائزہ، کام جلد مکمل کرنیکی ہدایت



اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے F-7 مرکز، جناح سپر مارکیٹ کا دورہ کیا اور F-7 مرکز میں جاری اپ لفٹنگ اور تزئین وآرائش کے کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ چیئرمین سی ڈی اے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

ورلڈز بیسٹ ایئرلائنز 2027' فہرست، ایمریٹس بہترین ایئرلائن قرار

ایمریٹس نے 'بیسٹ ویلیو اور 'بزنس ٹریول' کیٹیگریز میں بھی پہلی پوزیشن حاصل کی



اسلام آباد (نمائندہ۔ شہرنامہ) ایمریٹس کو TIME اور Statista کی جانب سے جاری کردہ پہلی 'ورلڈز بیسٹ ایئرلائنز 2027' فہرست میں دنیا کی بہترین ایئرلائن قرار دیا گیا ہے۔ اس فہرست میں دنیا بھر کی ان ایئرلائنز کو تسلیم کیا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

گرین ٹاؤن کے مسیحیوں کو قبرستان کیلئے اراضی الاٹ کی جائے، بشپ ایم ایم وقاص

عزیز کی وفات کا دکھ اپنی جگہ، تدفین کے لیے جگہ نہ ملنا دوسرا بڑا المیہ ہے، مسیحی برادری

وزیراعلیٰ مریم نواز گرین ٹاؤن کے مسیحیوں کا دیرینہ مطالبہ پورا کریں، قبرستان کی فراہمی کی اپیل



لاہور (سپیشل رپورٹر) گرین ٹاؤن لاہور کے مسیحی عوام کو درپیش قبرستان کے دیرینہ مسئلے کے حل کے لیے سابق کونسلر یونین کونسل 240 گرین ٹاؤن ظفر گل اور پاکستان مسلم لیگ (ن) منارٹی ونگ یونین کونسل 240 کے صدر حنیف کھوکھر نے بدھ کے روز ون ان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

ہزارہ کے عوام کے حق پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، سردار محمد یوسف

پشاور کو دارالحکومت بنانے کا فیصلہ کسی صورت قبول نہیں، چیئرمین تحریک صوبہ ہزارہ

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) صوبہ ہزارہ تحریک نے ملک میں نئے صوبوں کے قیام سے متعلق پیش رفت کا خیر مقدم کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ہزارہ کے عوام کے آئینی و جمہوری حق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور پشاور کو مجوزہ صوبے کا دارالحکومت بنانے کا کوئی بھی فیصلہ قابل قبول نہیں ہوگا۔ ہزارہ ایک الگ تاریخی، جغرافیائی اور ثقافتی شناخت کا حامل خطہ ہے، اسے کسی دوسرے خطے میں ضم کرنا ہزارہ کے عوام کے ساتھ ناانصافی ہوگی۔ تحریک نے جھاری کس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

ڈی آئی جی کی کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات پر فوری احکامات

شہریوں کے مسائل کا بلا سفارش فوری حل اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے، علی وسیم

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے شہریوں کو فوری ریلیف فراہم کرنے اور نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنے کے لیے اقدامات مزید تیز کرنے کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ ڈی آئی جی نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جہاں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے مسائل و شکایات پیش کیں۔ ڈی آئی جی علی وسیم نے شہریوں کی شکایات تفصیل سے سنیں اور ان کے فوری حل اور میرٹ پر ازالے کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ ان کا کہنا تھا کہ شہریوں کے مسائل کا بلا سفارش فوری حل اسلام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

سپریڈنٹ امتحان کی ہٹ دھرمی۔ متعدد طالبات پیپر نہ دے سکیں

ٹریفک بلاک کے باعث لیٹ ہونے پر سپریڈنٹ پھر گیا، غیر حاضری لگا دی

اڈیالہ (نامہ نگار) سپریڈنٹ امتحان کی ہٹ دھرمی۔ چکری روڈ پر ٹریفک بلاک کے باعث، 20 سے 25 منٹ لیٹ متعدد طالبات پیپر دینے سے محروم۔ سیکنڈ ائیر کی سٹوڈنٹ بورڈ سے رابطہ کر کے، اگلے پیپرز کے ساتھ پیپر دے دینا، میں نے غیر حاضری لگا دی ھے۔ سپریڈنٹ کا والدین کو کھرا جواب۔ تفصیلات کے مطابق سیکنڈ ائیر کی طالبہ عائشہ ظہیر دختر راجہ ظہیر حسین رول نمبر 6251203 انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اسلام آباد کے زیر اہتمام انڈس کالج آف سائنس دھمیال کیمپس چکری روڈ راولپنڈی میں سیکنڈ ائیر کی طالبات کے فائنل پیپر کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

فراڈیئے نے 40 افراد کی مشترکہ زمین جعلی کاغذات بنا کر فروخت کر دی

مسعود نامی شخص نے محکمہ مال سے ملکر جعلی کاغذات بنوائے، ہماری زمین واپس دلائی جائے متاثرین

کوٹلی ستیاں (نامہ نگار) کوٹلی ستیاں کے نواحی علاقہ موڑی بڈالہ موضع اریاڑی میں مسعود ولد خوشحال خان نامی شخص نے محکمہ مال سے ملی بھگت کے ذریعے لگ بھگ 40 افراد کی مشترکہ زمین کو جعلی کاغذات بنا کر فروخت کر دی۔ محمد مسعود کا متعلقہ زمین کھیوٹ نمبر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

چوہدری سالک حسین کی ہدایت پر سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ کا دورہ روم

اوورسیز پاکستانی ورکرز کے سماجی تحفظ کے لیے جامع نظام کی ضرورت پر زور

روم (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز و انسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین کی خصوصی ہدایات پر سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ جناب ذوالفقار احمد اٹلی کے شہر روم کا دورہ کر رہے ہیں، جہاں انہوں نے گلوبل اسکلز پارٹنرشپ (GSP) ایکٹ کے تحت منعقدہ بین الاقوامی مشاورتی اجلاس میں شرکت کرتے ہوئے اوورسیز پاکستانی ورکرز کی فلاح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)



سیکریٹری ورکرز ویلفیئرز و الفقار احمد روم میں ورلڈ بینک کے زیر اہتمام تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

شاندار صحافتی خدمات کا اعتراف، شیخ نذیر کو اعزازی شیلڈ سے نوازدی گئی

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) شاندار صحافتی خدمات کا اعتراف، سینئر صحافی شیخ نزیر کو وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد یوسف اور وائس چانسلر ہزارہ یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

اڑمر میں کسانوں کے لیے آگاہی پروگرام کا انعقاد

جہانگیرہ (تحصیل رپورٹر) کسانوں کو جدید زرعی طریقوں سے آگاہی فراہم کرنے موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے اور زرعی پیداوار میں اضافے کے لیے جوار کی کاشت کو ایک اہم متبادل فصل کے طور پر فروغ دیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

جنرل فرخ سیر نے اپنی تصانیف دی سی ہیلتھ سروسز اکیڈمی ڈاکٹر شہزاد خان کو پیش کیں

جنرل فرخ سیر ہیلتھ سروسز اکیڈمی میں پروفیسر آف ایکسپیریسیو آرٹس ان پبلک ہیلتھ مقرر

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) جنرل فرخ سیر نے ہیلتھ سروسز اکیڈمی میں ''پروفیسر آف ایکسپیریسیو آرٹس ان پبلک ہیلتھ'' کی حیثیت سے شمولیت اختیار کر لی ہے، جہاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)



اسلام آباد، جنرل فرخ سیر ہیلتھ سروسز اکیڈمی میں پروفیسر آف ایکسپیریسیو آرٹس ان پبلک ہیلتھ کی تقرری کے بعد وی سی ڈاکٹر شہزاد سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان وزارت خارجہ میں گندھارا سٹریٹیجک ڈائیلاگ کا آغاز، 8 ایشیائی ممالک کے وفود شریک

گندھارا خطے کی قدیم تاریخ کا ممتاز باب ہے جو بدھ مت کی تعلیمات، فلسفے، فن اور ثقافت کا عظیم مرکز رہا، اورنگزیب کھچی

پاکستان گندھارا کو بدھ مت کی دنیا کے مقدس مقام کے طور پر دوبارہ عالمی شناخت دلانا چاہتا ہے، عاصم افتخار، عمران شوکت

اسلام آباد (صباح نیوز) وزارت خارجہ میں گندھارا اسٹریٹجک ڈائیلاگ 2026 کا افتتاحی اجلاس گندھارا کریڈل آف بدھ ازم کے اشتراک سے کامیابی سے منعقد ہوا۔ ڈائیلاگ کا موضوع "ایک مشترکہ مستقبل کی جانب" تھا، اجلاس میں 100 سے زائد مندوبین نے شرکت کی، جن میں بنگلا دیش، کمبوڈیا، جاپان، لاؤس، جمہوریہ کوریا، سری لنکا، تھائی لینڈ اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

نسٹ یونیورسٹی کے طلبہ کا رازی ہسپتال کیلئے بیڈ کا عطیہ



راولاکوٹ میں شہید ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ رینجرز کی نمازِ جنازہ ادا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) راولاکوٹ میں دورانِ ڈیوٹی مسلح حملے میں فائرنگ سے شہید ہونے والے پاکستان رینجرز (سندھ) کے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ برکت علی کی نمازِ جنازہ کراچی میں ادا کر دی گئی۔ راولاکوٹ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) نیشنل یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (NUST) کے شعبۂ بایوٹیکنالوجی کے طلبہ ام اد، زینب شفقت، عبیر احمد، ابوبکر خان اور سٹرلنگ جوشوا نے اپنے Civic and Community Engagement (CCE) منصوبے کے تحت فنڈ زجمع کر کے الخدمت رازی ہسپتال CBR کو آپریشن کے بعد استعمال ہونے والا ریکوری/آئی سی یو بیڈ عطیہ کیا۔ طلبہ نے اس منصوبے کا انتخاب رفاہی طبی خدمات سے مستفید ہونے والے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

